Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ — عوام کی بے ساختہ للکار — ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت — ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

جلد 16 | پیر، 17 مارچ 2025ء، 16 رمضان المبارک 1446ھ، قیمت 10 روپے | شمارہ 07

انسانی اسمگلنگ کا کالا دھندہ مکمل طور پر بند کرانے کا پختہ عزم

شہباز شریف نے جاپا گینگ کے سرغنہ عثمان جاپا کی گرفتاری پر ایف آئی اے اور آئی پی اے کے افسران کو وزیراعظم ہاؤس مدعو کرکے سراہا

انسانی اسمگلنگ کے گھناؤنے جرم کے مرتکب عناصر کی سرکوبی اولین ترجیح ہے، کالے دھندے میں ملوث افراد نے پاکستان کے تشخص کو ٹھیس پہنچانے کی کوشش کی، وزیراعظم شہباز شریف

صدر مسلم لیگ (ن) اور وزیراعظم شہباز شریف "اڑیسہ" کے مورسے متعلق اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

لاہور (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے انسانی اسمگلنگ میں ملوث جاپا گینگ کے سرغنہ عثمان جاپا کی گرفتاری پر ایف آئی اے اور آئی پی کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ جاپا گینگ کو گرفتار کرنا لائق تحسین ہے، انسانی اسمگلنگ کا کالا دھندہ مکمل طور پر بند کرانے کا پختہ عزم کر رکھا ہے۔ وزیراعظم آفس سے جاری اعلامیہ کے مطابق وزیراعظم شہباز شریف نے جاپا گینگ کے سرغنہ عثمان جاپا کی (بقیہ نمبر 1)

حکومت کا پارلیمان کی قومی سلامتی کمیٹی کا اجلاس بلانے کا فیصلہ

پارلیمانی قائدین، عسکری حکام، انٹیلی جنس اداروں کی قیادت شرکت کرے گی

اسلام آباد (این این آئی) حکومت نے ملک میں بڑھتی ہوئی دہشت گردی کے تناظر میں پارلیمان کی قومی سلامتی کمیٹی کا اجلاس بلانے کا فیصلہ کیا ہے۔ ذرائع کے مطابق پارلیمان کی قومی سلامتی کمیٹی کا اجلاس بدھ یا جمعرات کو بلایا جائیگا۔ اجلاس میں پارلیمانی قائدین، عسکری حکام، انٹیلی جنس اداروں کی قیادت شرکت کرے گی، سول و عسکری قیادت ملک میں بڑھتی دہشت گردی کے خلاف کارروائیوں سے متعلق مشاورت کرے گی۔

ایف سی قافلے پر خودکش حملہ 5 اہلکار شہید 12 زخمی

12 سے زائد زخمی، ابتدائی تحقیقات سے پتہ چلتا ہے کہ یہ ایک خودکش حملہ تھا، ایس ایچ او نوشکی

نوشکی (این این آئی) نوشکی میں فرنٹیئر کور (ایف سی) کے قافلے پر خودکش حملے میں 5 اہلکار شہید اور 12 سے زائد زخمی ہوگئے، نے اموات میں اضافے کا (بقیہ نمبر 4)

متعدد دھماکوں کی حالت کشیدہ ہے جس کے باعث پولیس

دہشتگردی کے تانے بانے بھارت افغانستان سے ملتے ہیں

پاکستان میں جو دہشت گردی، بدامنی ہے اس میں افغانستان کا ہاتھ ہے، وفاقی وزیر دفاع، خواجہ آصف

لاہور (این این آئی) وفاقی وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ پاکستان میں دہشتگردی کے تانے بانے بھارت اور افغانستان سے ملتے ہیں، دہشتگردوں سے کیسے ورک کی اہم معلومات ملی (بقیہ نمبر 3)

بلوچستان میں دہشتگردوں کی اموات میں اضافے کا

درآمدی ایل این جی حکومت کیلئے درد سر بن گئی

پاور سیکٹر کی طلب کم ہونے سے ایل این جی سرپلس ہوگئی، قطر سے کارگو منسوخ کرادیئے گئے، میڈیا رپورٹ

لاہور (این این آئی) ایکسپورٹ ڈیولپمنٹ کی رپورٹ کے مطابق ایل این جی کی سرپلس ہونے سے ملک میں ایل این جی کی پیداوار کم کردی گئی۔ میڈیا (بقیہ نمبر 2)

ویلنشیا ٹاؤن میں کسن بچی باپ کے ڈریکٹر کے نیچے آ کر جاں بحق

لاہور (این این آئی) ویلنشیا ٹاؤن کے گیٹ نمبر 12 پر ڈریکٹری زد میں آ کر کسن بچی جاں بحق ہو گئی۔ بتایا گیا ہے کہ 4 سالہ طیبہ رانی ڈریکٹر چلاتے باپ کے پیچھے بھائی اور ڈریکٹر کے نیچے آ کر جاں بحق ہوگئی۔ پولیس نے ڈریکٹر کو ضبط میں لے کر ڈرائیور کی تلاش شروع کردی ہے۔

لاہور کے ہیری ٹیج ایریاز کی بحالی کے لیے جامع پلان طلب، شہر چھ ہیری ٹیج زونز میں تقسیم

تجاوزات سے شہروں کو بگاڑنے کی اجازت نہیں دینگے

پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر محمد نواز شریف اور وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی زیر صدارت اجلاس، تاریخی ورثے کی بحالی اور محفوظ کرنے کیلئے لاہور اتھارٹی فار ہیریٹیج ریوائیول قائم

نواز شریف سٹیرنگ کمیٹی کے چیئرمین انچیف ہوں گے، تاریخی مقامات سے تجاوزات کے متاثرین کو کاروبار کیلئے متبادل جگہ دینے اور معاوضہ ادا کرنے کی ہدایت

سرکلر روڈ، باغبانپاں، بدرو کو اصل حالت میں بحال کرنے کا فیصلہ، وزیراعلیٰ کا سرکلر روڈ اور تاریخی دروازوں کے اطراف میں تجاوزات پر اظہار برہمی

پرانا لاہور بہت خوبصورت، اصل حالت میں بحال کیا جانا ضروری، تاریخی ورثے کی کھوئی ہوئی میراث واپس لانا قومی فریضہ سمجھ کر سرانجام دیا جائے، نواز شریف

قدیمی، تاریخی حیثیت، حالت بحال کرنے سے عوام محظوظ، قیام پاکستان سے قبل لاہور کو انڈو پاک کا ثقافتی مرکز سمجھا جاتا تھا، صدر مسلم لیگ (ن)

وزیراعظم شہباز شریف انسانی اسمگلنگ میں ملوث بدنام زمانہ گینگ کے سرغنہ کو گرفتار کرنے والے آئی پی اے کے اہلکاروں کو شیلڈز دے رہے ہیں

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر محمد نواز شریف اور وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی زیر صدارت اجلاس منعقد ہوا۔ تاریخی ورثے کی بحالی اور محفوظ کرنے کے لئے لاہور اتھارٹی فار ہیریٹیج ریوائیول "لہر" (بقیہ نمبر 5)

دہشتگردی میں بھارتی خفیہ ایجنسی "را" کا ہاتھ ہے، رانا ثنا اللہ

راد دہشت گردوں کی ماں کا کردار ادا کر رہی ہے، سفاکانہ کارروائیوں کیلئے فنڈز اور اسلحہ فراہم کر رہی ہے

دہشتگرد گروہوں کی سوچ اور خیالات آپس میں نہیں ملتے، ان سب کو رانے اکٹھا کیا ہے، مشیر وزیراعظم

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم کے مشیر رانا ثنا اللہ نے کہا ہے کہ کوئی شک نہیں پاکستان میں دہشتگردی میں بھارتی خفیہ ایجنسی "را" کا ہاتھ ہے، راد دہشت گردوں کی ماں کا کردار ادا کر رہی ہے، سفاکانہ کارروائیوں کیلئے فنڈز اور اسلحہ فراہم کر رہی ہے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے رانا ثنا اللہ نے کہا کہ کوئی شک نہیں پاکستان میں دہشتگردی میں بھارتی خفیہ ایجنسی "را" کا ہاتھ ہے۔ راد دہشت گردوں (بقیہ نمبر 6)

مسلح نقاب پوشوں کی فائرنگ سے پولیس اہلکار شہید

حالیہ دنوں میں دہشت گردانہ واقعات میں اضافہ دیکھنے میں آیا ہے

وانا (این این آئی) جنوبی وزیرستان میں ماڈل سی سی نمبر 1 کرشنہ درمیانی شب وانا اعظم ورک روڈ پر ڈبکوٹ کے مقام پر خوفناک دہشت گردی کا واقعہ (بقیہ نمبر 7)

وفاقی وزیر پارلیمانی امور اکرم خان درانی نے ترکمانستان سے ثقافتی کے غیر جانبداری پر بین الاقوامی کانفرنس میں اظہار خیال کیا، خصوصی شرکت کی

دہشتگردی کا مقصد شہریوں کو خوفزدہ کرنا، ترقی کا پہیہ روکنا ہے، عبدالعلیم

بلوچستان اور خیبر پختونخواہ کو سوچی سمجھی سازش کے تحت نشانہ بنایا جارہا ہے

لاہور (این این آئی) وفاقی وزیر صمد ر انتظام دھماکے کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان پارٹی عبدالعلیم خان نے ڈوشکی شاہراہ پر دہشتگردی کا مقصد (بقیہ نمبر 8)

دہشت گردوں کیخلاف آپریشنز میں تیزی لانے کا فیصلہ

بلوچستان میں دہشت گردوں کے خلاف بڑا آپریشن، قومی سلامتی کمیٹی کا بند کمرہ اجلاس رواں ہفتے متوقع

وزیراعظم شہباز شریف سمیت اعلیٰ عسکری قیادت اور انٹیلی جنس اداروں کے سربراہان بھی شرکت کریں گے

اسلام آباد (این این آئی) پارلیمنٹ کی قومی سلامتی کمیٹی کا بند کمرہ اجلاس بدھ یا جمعرات کو بلائے جانے کا امکان ہے۔ اجلاس کی صدارت انٹیگرٹی اسٹیل ایاز صادق کریں گے، جبکہ وزیراعظم شہباز شریف سمیت اعلیٰ عسکری قیادت اور انٹیلی جنس اداروں کے سربراہان بھی شرکت کریں گے۔ ذرائع کے مطابق پورے ہاؤس کو سلامتی کمیٹی میں تبدیل کیا جائے گا، اجلاس میں خیبر پختونخوا اور بلوچستان میں دہشت گردی کی بڑھتی ہوئی وجوہات پر تفصیلی بریفنگ دی جائیگی جبکہ تمام وفاقی وزراء اور پارلیمانی جماعتوں کے رہنماؤں کو بھی مدعو (بقیہ نمبر 6)

کرکٹرز اگر حلوہ پوری، نہاری اور حلیم کھائینگے تو کیسے کھیلیں گے؟ وزیر کھیل سندھ

کراچی (این این آئی) وزیر کھیل سندھ سردار محمد بخش مہر نے قومی کرکٹرز پر تنقید کرتے ہوئے کہا ہے کہ کرکٹرز اگر حلوہ پوری، نہاری اور حلیم کھائیں گے تو کیسے کھیل پائیں گے؟۔ کرکٹ فٹنا منٹ کی تقریب سے خطاب میں صوبائی وزیر کھیل سردار محمد بخش مہر نے کہا کہ کرکٹرز کو اپنی ڈائٹ اور نیوٹریشن (بقیہ نمبر 9)

وزیر بیلے عتیق عباسی سے پریم یونین کے عہدیدار ملاقات کررہے ہیں، ایم پی اے عامر بلوچ بھی موجود ہیں۔

امریکا کی سفری پابندیوں سے بچنے کیلئے پاکستان کو 2 ماہ کی مہلت ملنے کا امکان

بجٹ و پابندیوں نے امریکی مسلمان برادریوں میں گہری تشویش پیدا کردی

واشنگٹن (این این آئی) امریکی میڈیا کی جانب سے شائع ہونے والی رپورٹس کے مطابق امریکا پاکستان کو سیکیورٹی خدشات دور کرنے اور تکنیکی سفری پابندیوں کو روکنے کے لیے 60 دن کی مہلت دے سکتا ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق ماضی کی قیاس آرائیوں (بقیہ نمبر 7)

راولپنڈی سے 6 منشیات سپلائر گرفتار، 8 کلو سے زائد منشیات برآمد

ملزمان کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان عدالت کیا جائے گا، منشیات سپلائرز کیخلاف بھرپور کارروائیاں جاری

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے منشیات سپلائرز کے خلاف کریک ڈاؤن جاری کرتے ہوئے 6 ملزمان گرفتار کرکے 8 کلو سے زائد منشیات برآمد کرلی۔ تفصیلات کے مطابق صادق آباد پولیس نے ملزم فیصل سے 250 گرام آئس اور 110 (بقیہ نمبر 8)

گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان کو وفاقی ٹیکس محتسب ڈاکٹر آصف محمود جاہ دار کی سالانہ رپورٹ پیش کررہے ہیں

گیس چوری کیخلاف کریک ڈاؤن کا سلسلہ جاری

پنجاب، خیبر پختونخوا اور اسلام آباد میں مزید 254 کنکشن منقطع، 26 لاکھ سے زائد کے جرمانے عائد

سوئی ناردرن گیس چوری کے خاتمے اور شفاف گیس فراہمی کے لیے اپنے اقدامات جاری رکھے گی

لاہور (قائمہ عوامی للکار) سوئی ناردرن گیس پائپ لائنز لمیٹڈ (SNGPL) کی جانب سے گیس چوری کے خلاف جاری کریک ڈاؤن کے دوران پنجاب، خیبر پختونخوا اور اسلام آباد میں مزید 254 غیر قانونی گیس کنکشن منقطع کردیے گئے، جبکہ 26 لاکھ سے زائد کے جرمانے عائد کیے گئے۔ لاہور (بقیہ نمبر 10)

ایل پی جی کی سرکاری قیمت 248 کی بجائے 400 روپے کلو تک فروخت جاری

گھریلو سلنڈر کی قیمت بلا جواز 700 روپے اضافے سے 370 روپے سے تجاوز کرگئی

لاہور (این این آئی) اوگرا نوٹیفکیشن کے بغیر ہی ایل پی جی کی قیمت میں من مانا اضافہ کردیا گیا۔ چیئرمین ایل پی جی ایسوسی ایشن عرفان کھوکھر کے مطابق سرکاری قیمت 248 روپے فی کلو جبکہ گھریلو سلنڈر 2925 روپے مقرر کی گئی ہے جبکہ شہروں میں ایل (بقیہ نمبر 2)

یتیم بچوں کا دن ہمیں معاشرتی ذمہ داریوں کا احساس دلاتا ہے

یتیمی کے خمیازوں کو حقیقت میں بدلنے کیلئے اجتماعی کوششیں کرنا ہوں گی، وزیر تعلیم

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر تعلیم رانا سکندر حیات نے کہا ہے کہ یتیم بچوں کا دن ہمیں ہمارے اختیار میں (بقیہ نمبر 3)

واقعات تسلسل کیساتھ ہو رہے ہیں، قوم کو اعتماد میں لیا جائے، خالد مقبول

حیدر آباد (این این آئی) چیئرمین متحدہ قومی موومنٹ (ایم کیو ایم) پاکستان ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی نے کہا ہے کہ ملک میں واقعات تسلسل کے ساتھ ہو رہے ہیں، قوم کو اعتماد میں لیا جائے، اے پی ایز بنائی جائے۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ڈاکٹر خالد (بقیہ نمبر 11)

روات پولیس کی کارروائی، شہری کو قتل کرنیوالے 3 مجرمان گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) روات پولیس نے شہری کو اغوا کر کے قتل کرنے والے 3 انتہائی مجرمان کو گرفتار کرلئے، مجرمان نے لین دین کے تنازعہ پر مقدر خان کو اغوا کر کے قتل کر دیا تھا، واقعہ کا مقدمہ اکتوبر 2024ء میں معلوم ملزمان کے خلاف درج کیا گیا تھا، تفصیلات کے مطابق روات پولیس نے کارروائی (بقیہ نمبر 4)

عید کے بعد برطانیہ کیلئے پی آئی کی پروازیں شروع ہوجائیں گی

سب سے پہلے لندن اور مانچسٹر سے پاکستان کیلئے پروازیں بحال ہوں گی

لندن (این این آئی) پاکستان کے ہائی کمشنر ڈاکٹر محمد فیصل نے لندن میں سحابلوں کے اعزاز میں ایک افطار ڈنر کا اہتمام کیا جس میں سحابلوں کے علاوہ گف ٹاکرز (بقیہ نمبر 5)

اسلام آباد: وزیراعظم شہباز شریف انسانی اسمگلنگ میں ملوث بدنام زمانہ گینگ کے سرغنہ کو پکڑنے والے ایف آئی اے اہلکاروں کو چیک اور شیلڈز دے رہے ہیں۔

ایل این جی کے تانے بانے بھارت افغانستان سے ملتے ہیں

پاکستان میں جو دہشت گردی، بدامنی ہے اس میں افغانستان کا ہاتھ ہے، وفاقی وزیر دفاع، خواجہ آصف

لاہور (این این آئی) وفاقی وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ پاکستان میں دہشتگردی کے تانے بانے بھارت اور افغانستان سے ملتے ہیں، دہشتگردوں سے کیسے ورک کی اہم معلومات ملی (بقیہ نمبر 3)

بلوچستان میں دہشتگردوں کی اموات میں اضافے کا

راولپنڈی، گرجا گھروں کی سیکورٹی کیلئے موثر انتظامات

پولیس کے 450 سے زائد افسران و جوانوں نے ڈیوٹی کے فرائض سرانجام دیئے

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس کی جانب سے گرجا گھروں کی سیکورٹی کیلئے موثر انتظامات کئے گئے، راولپنڈی پولیس کے 450 سے زائد افسران و جوانوں نے ڈیوٹی کے فرائض سرانجام دیئے۔ تفصیلات کے مطابق راولپنڈی پولیس کی جانب سے (بقیہ نمبر 9)

شہداء قوم کا سرمایہ، قربانیاں رائیگاں نہیں جائینگی، محسن نقوی

مختلف مقامات پر خوارجی دہشتگردوں کے حملوں کی شدید الفاظ میں مذمت

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا ہے کہ شہداء قوم کا سرمایہ افتخار ہیں، مختلف مقامات پر خوارجی دہشتگردوں کے حملوں کی شدید الفاظ میں (بقیہ نمبر 20)

وزیر داخلہ محسن نقوی نے پشاور اور کرک میں شہداء کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائینگی۔ وفاقی

"آپ پنجاب"
کے بغیر کیا رہ جائے گا؟
ذرا سوچئے!



آج سے عہد کریں
پانی کا ضیاع بند کریں

SPL - 502

محکمہ تحفظ ماحول وموسمیاتی تبدیلی حکومت پنجاب

شکایات اور معلومات کیلئے 1373 ہیلپ لائن پر کال کریں

گرین پنجاب ایپ ڈاؤن لوڈ کریں
#WorkForGreenPunjab

ABC Certified عوام کی بے ساختہ للکار MEMBER WUOJ
روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

غزہ سے متعلق اقوام متحدہ انکوائری کمیشن کی رپورٹ

اقوام متحدہ کے انکوائری کمیشن نے غزہ میں اسرائیلی مظالم پر رپورٹ جاری کر دی جس میں کہا گیا ہے کہ اسرائیل نے نسل کشی کے لیے غزہ میں خواتین کے صحت مراکز کو نشانہ بنایا۔ غزہ میں صنفی تشدد کو جنگی حکمت عملی کے طور پر استعمال کیا۔ صنفی تشدد اور صحت مراکز کی منظم تباہی سے اسرائیل نے نسل کشی کی کارروائیاں کیں۔ اسرائیلی حملوں اور طبی سامان کی قلت سے حاملہ خواتین کی اموات میں اضافہ ہوا۔ اسرائیل کی منظم کارروائیاں انسانیت کے خلاف جرائم کے مترادف ہیں۔ اسرائیلی وزیراعظم نیتن یاہو نے اقوام متحدہ کی رپورٹ کو جانبدار قرار دے دیا۔ ادھر، امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے آئرلینڈ کے وزیراعظم مائیکل مارٹن کے ساتھ ملاقات کے دوران میڈیا سے گفتگو میں کہا کہ غزہ سے کسی فلسطینی کو کوئی نہیں نکال رہا۔ صدر ٹرمپ نے سینیٹ میں اقلیتوں کے قائد چک شومر کو طنزیہ طور پر فلسطینی قرار دیا۔ صدر ٹرمپ کا کہنا تھا کہ سینیٹ میں اقلیتوں کے لیڈر چک شومر پہلے یہودی تھے لیکن اب وہ مکمل فلسطینی بن چکے ہیں۔ اس سے قبل صدر ٹرمپ نے ایک بیان میں غزہ کو امریکی ملکیت میں لینے، فلسطینیوں کی بے دخلی اور غزہ کو جدید ترین اور ماڈرن بستی کے روپ میں ڈھالنے سے متعلق منصوبے کی بات کی تھی۔ مجوزہ منصوبے کو عالمی برادری نے مسترد کر دیا تھا۔ اس سلسلے میں ایک اہم پیشرفت یہ ہے کہ حماس نے اسرائیل کے ساتھ مذاکرات کے نئے دور کے آغاز کا اعلان کر دیا۔ امریکی ایلچی سٹیو وٹکوف مذاکرات کے لیے قطر پہنچ رہے ہیں۔ اسرائیل نے لبنان سرحد کی حد بندی پر مذاکرات کا اعلان کر دیا، اسرائیل نے یرغمال بنائے گئے پانچ لبنانی شہریوں کو چھوڑ دیا۔ اسرائیل نے لبنان، امریکا اور فرانس کے ساتھ حد بندی کے لیے گروپس قائم کرنے پر اتفاق کر لیا۔ یہ ایک کھلا راز ہے کہ اقوام متحدہ اسرائیل کی تمام تر جارحیت سے اچھی طرح آگاہ ہے۔ غاصب صہیونی انسانی حقوق کی پامالی سمیت فلسطینیوں کی نسل کشی بھی کر رہے ہیں جس کا اعتراف اقوام متحدہ خود کر رہا ہے تو پھر ان کے خلاف کارروائی کرنے میں کیا امر مانع ہے؟ محض اعتراف کرنے اور جنگ بندی جیسے مشورے دینے سے بڑی طاقتوں کے سامنے اس کی بے بسی کا ہی اظہار ہوتا ہے۔ اقوام متحدہ کو اپنا مؤثر کردار ادا کرنے کی ضرورت ہے ورنہ اسرائیل اور امریکی گٹھ جوڑ دنیا کی تباہی پر منتج ہو سکتا ہے۔

حقیقی توبہ

تحریر: پروفیسر محمد عبداللہ بھٹی

میرے سامنے حسن و جمال کی پیکر خوبصورت ترین جوان لڑکی بیٹھی ہوئی تھی کبھی وہ اپنی دراز ریشمی زلفوں کو جھٹکے سے سیدھا کرتی کبھی چٹکی میں سیاہ چشمہ گھمانا شروع کر دیتی سرخ سیب کی قاشوں جیسے باریک ہونٹوں کی سرخی نے اس کے حسن کو آگ لگا رکھی تھی کاجل لگی آنکھوں کی مخمل اور بھی گہری ہو گئی تھی اس کی آنکھیں نہیں تھیں دودھ کے سمندر میں ڈارک براؤن جھاگ کے جزیرے تھے اس کے براؤن دیدوں کی سحر انگیز کشش دیکھنے والے کو سنگی مجسمہ بنا دیتی اس کی آنکھیں بہت خوبصورت براؤن چمکدار اس کے جسم اور ریشمی زلفوں کو چھونے والی ہوا خوشبوؤں سے لبریز ہو کر جہاں جہاں جاتی وہاں وہاں خوشبوؤں کے ڈیرے ڈال دیتی اس کے جسم کو چھونے والے جھونکے خوشبوؤں کی خیرات لے کر دور دراز تک ماحول کو سحر انگیز بنا دیتے اسکے یاقوتی ہونٹوں سے الفاظ پھولوں کی طرح جھڑتے تو سریلے جھرنوں میں رقص کرتی موجوں کا احساس ہوتا اس کی جادو نگار زبان حرکت میں آتی سماعتیں عقیدت و احترام سے اپنی جھولیاں پھیلا دیتیں۔ اس کی غزالی آنکھوں سے ریشمی مشکیں زلفوں سے گھٹائیں فیض لیتیں اس کے چہرے کی لالی کے سامنے گلاب کے پھول شرمندہ ہوتے ہوں گے اس کی غزالی آنکھوں کے اٹھنے اور جھکنے سے بجلی کے کوندے لپکتے ہوں گے اس کی سرمہ آلود ایک نظر کسی کو ہمیشہ کے لیے نشے میں غرق کر دیتی ہو گی اس کے لہجے کی کھنک سے چاند کے ڈوبنے کا منظر یاد آتا ہو گا اس کے گلابی آنچل کے ہوا میں لہرانے سے پھولوں کی برسات ہوتی ہو گی کاجل لگی آنکھوں کی چمک کے سامنے چاند بھی شرماتا ہو گا صرف ایک بار جھانک کر چلمن ڈالنے سے گردنیں ڈھلک جاتی ہوں گی دو قدم چلنے سے فتنہ محشر یاد آتا ہو گا نیم باز آنکھیں شراب مستی کا نشہ پھیکا کر دیتی ہوں گی گیسو کی شکن ہر حرکت کو بت میں تبدیل کرتی ہو گی گداز خوشبوئے بدن کی بجلیاں پروانوں کو خاکستر کرتی ہوں گی چشم غزالاں مے خانے نشے سرور کی بھیک مانگتے ہوں گے اس کے آنے سے محفلیں مے کدوں میں تبدیل ہوتی ہوں گی پانی کے گلاس میں انگلی ڈبو کر اسے vine میں تبدیل کرتی ہو گی اس کی قربت میں وقت تھم جاتا ہو گا لوگ بہانوں سے پروانوں کی طرح اس کا طواف کرتے ہوں گے اس کو پانے کے لیے سینکڑوں پروانے ہر وقت تیار رہتے ہوں گے وہ سر سے پاؤں تک حسن کا لازوال شاہکار تھی پرانے زمانوں میں یقینا ایسے ہی پیکر حسن کے لیے بادشاہ فوجوں کے لشکر لے کر دوسرے ملک پر چڑھ جاتے ہوں گے اس کے ابروئے چشم پر کوئی بھی سلطنت تاج و تخت ٹھکرانے پر تیار ہو جاتا ہو گا خالق کائنات نے خوب کھل کر اس پر حسن کی برسات کی تھی اس کے لازوال شاہی حسن کو دیکھ کر خدا کے منکروں کو بھی خدا یاد آتا ہو گا وہ سر سے پاؤں تک مکمل تھی بھرپور تھی حسن بلا شبہ خدائے بزرگ و برتر کا تحفہ خاص ہے وہ بے نیاز خالق جسے چاہے دے دیتا ہے کائنات کا چپہ چپہ خالق کی جادوگری کا پتہ دیتا ہے خالق کائنات کے ہونے کا احساس دلاتا ہے یہ حسن ہی تو ہے جو پھول میں مہک چہرے میں گداز اور تبسم میں ملاحت بن کر جلوہ افروز ہوتا ہے یہی حسن کردار میں ہو تو عظمت رویے میں ہو تو شرافت اور مقاصد میں ہو تو عزیمت بن جاتا ہے یہی حسن شعور کو معرفت اور فکر کو بصیرت عطا کرتا ہے گفتگو میں فصاحت اسلوب میں بلاغت خیال میں قدرت اور ابلاغ میں سلاست اور جب یہ عطیہ خداوندی حسن لہجے میں ڈھل جائے تو حلاوت نظر میں آئے تو مروت اور دل میں آئے تو محبت کہلاتا ہے اور ماتھے سے جھلکے تو سعادت اور پیکر سے جھلکے تو نزاکت کا روپ دھار لیتا ہے اور جب حسن سیاست میں آ جائے تو اسے عبادت قانون میں آ جائے تو عدالت اور حکمرانی میں آ جائے تو سراپا خدمت کہا جاتا ہے انسان بلاشبہ خدا کی تخلیق کا شاہکار ہے خوش قسمت ہوتے ہیں وہ لوگ جن کو اللہ تعالی ظاہری حسن کے ساتھ ساتھ باطنی حسن کی عظیم نعمت سے بھی نوازتا ہے ایسے ہی لوگ اپنے آپ کو پا لیتے ہیں اور جو خود کو پا لے اس نے راز الٰہی اور راز کائنات کو پا لیا انسانوں کے ہجوم میں اکثریت ایسے لوگوں کی ہوتی ہے جو ظاہری حسن سے مالا مال ہوتے ہیں لیکن جب آپ کا واسطہ ان کے کردار سے پڑتا ہے تو ان کے ظاہری حسن کا بت پاش پاش ہو جاتا ہے ان کے باطن کی گندگی اور زہر ان کی اصل حقیقت سے آگاہی عطا کرتی ہے میرے سامنے بیٹھی خوبرو لڑکی ظاہری حسن کے ساتھ ساتھ باطنی حسن کردار کی نعمت سے بھی خوب مالا مال تھی میں نے جب اس سے پوچھا کہ وہ میرے پاس کیوں آئی ہے تو اس نے بتایا کہ وہ ہر سال رمضان میں ضرورت مندوں کے گھروں میں سحری افطاری کے لیے راشن ڈالتی ہے میری دوست نے آپ کا بتایا کہ آپ کے پاس بہت ضرورت مند لوگ آتے ہیں تو میں آپ کے پاس آئی ہوں آپ یہ ایک لاکھ روپے رکھ لیں ان ضرورت مندوں کے گھر راشن یا پیسے دے دیں جس کو ضرورت ہے مجھے اس کی نیکی اور خدمت خلق کا جذبہ بہت پسند آیا میں ستائشی نظروں سے اس کو دیکھ رہا تھا کہ اللہ تعالی نے اسے ظاہری حسن کے ساتھ ساتھ باطنی حسن سے بھی نواز رکھا تھا میں نے پیسے لینے کے لیے اس کی طرف ہاتھ بڑھایا تو رسمی سا سوال کر دیا آپ کرتی کیا ہیں تو وہ بولی میں مجرا کرتی تھی میں مشہور و معروف ڈانسر ہوں لیکن اب میں ڈانس سے توبہ کر چکی ہوں میرا آگے بڑھنے والا ہاتھ رک گیا بلکہ میں نے اپنا ہاتھ واپس کر لیا میں نے پیسے لینے سے انکار کر دیا میرے انکار سے اس کی بڑی بڑی گجرالی آنکھوں میں درد کی نمی تیرنے لگی شرمندگی اداسی کے سائے اس کے دلنشیں چہرے پر لہرانے لگے وہ دل سوز لہجے میں بولی سر کیا میں نیکی نہیں کر سکتی کیا میں قابل نفرت ہوں اس کے لہجے میں شام غریباں کا غم شامل ہو چکا تھا سر آپ بھی مولوی ہی نکلے سر آپ بھی عام انسان ہی نکلے میں اس سے نظریں چرا رہا تھا میرے پاس اس کی باتوں کا جواب نہیں تھا اس نے اندر کے درد اس کی خوبصورت آنکھوں سے مسلسل چھلک رہا تھا شاید اس کے پرانے زخم تازہ ہو گئے تھے سر میں میرا تعلق ایک گاؤں سے ہے بچپن میں ہی والدین مجھے بے رحم زمانے کی ٹھوکروں کے حوالے کر کے اگلے جہاں سدھار گئے رشتے داروں کے بچے ٹکڑوں پر پلتی جوان ہوئی تو لاہور نوکری کے لیے آ گئی زیادہ پڑھی لکھی نہیں تھی اپنی خوبصورتی کی وجہ سے ہر جگہ نوکری مل جاتی چند دن بعد ہی مالک کی گندی سوچ سامنے آ جاتی جب میں اس کے بیڈ روم میں جانے سے انکار کرتی تو نوکری سے بھی ہاتھ دھو بیٹھتی ایک جگہ سے دوسری جگہ میں رولنگ سٹون کی طرح ٹھوکریں کھاتی رہی اسی دوران ایک نیک شخص نے مجھ سے دوسری شادی کر لی لیکن سال بعد ہی ایک بیٹے کا تحفہ دے کر وہ بھی انتقال کر گیا اس نے ایک دوکان میرے نام کی ہوئی تھی اب میں نے اس کے کرائے پر گزارہ کرنا شروع کر دیا لیکن یہ کرایہ بہت تھوڑا ہوتا تھا اب میں نے بیوٹی پارلر میں جاب شروع کر دی پارلر کی مالک گدھوں کی طرح ہم سے کام لیتی پیسے بہت کم دیتی پارلر کی مالک نے مجھ پر چوری کا جھوٹا الزام لگا کر مجھے تھانے بند کرا دیا تو پارلر پر میری ایک گاہک جو ڈانسر تھی اس کو میں نے فون کیا اس نے میری مدد کی تو میں قید سے رہا ہوئی اب میں اپنی ڈانسر دوست کے ساتھ رہنا شروع ہو گئی زمانے کے رویوں سے میں تنگ آ چکی تھی ڈانسر دوست کے کہنے پر میں نے بھی ڈانس کو دھندے کے طور پر اپنا لیا اپنی بے پناہ خوبصورتی کی وجہ سے چند دنوں میں ہی ہٹ ہو گئی جتنے پیسے میں نے کئی سالوں میں نہیں کمائے تھے اب میں ایک رات میں کما لیتی تھی میں نے لاکھوں کا نام سنا تھا اب ایک رات میں لاکھوں روپے کما لیتی میں نے چند سالوں میں ہی کار کوٹھی اور بنک بیلنس بنا لیا کیونکہ میں فطری طور پر شریف تھی جیسے پیسے آئے تو میں نے توبہ کر لی اور ڈانس کا دھندہ چھوڑ دیا اب مجھے دوکانوں اور گھروں سے اتنے پیسے مل جاتے ہیں کہ میرا اور میرے بیٹے کا اچھا گزارا ہو جاتا ہے لیکن جو پیسے میں آپ کو دینے آئی ہوں یہ میرے دھندے کے پیسوں سے نہیں ہیں یہ میرے مرحوم خاوند کی دی ہوئی دوکان کے کرائے کے پیسے ہیں جو حلال ہیں میں سارا سال یہ جمع کرتی ہوں اور پھر رمضان میں اللہ کے لیے لوگوں کے گھروں میں راشن ڈالتی ہوں اس کی آنکھوں سے نکلنے والے مسلسل توبہ کے آنسوؤں سے پیسے بھیگ چکے تھے میں نے ہاتھ بڑھایا اور توبہ کے آنسوؤں سے دھلے پیسوں کو پکڑ لیا کیونکہ کسی بھی آنکھ سے نکلنے والے توبہ کے آنسو پر وہ شخص جہنم کی آگ سے محفوظ ہو جاتا ہے میرے سامنے بیٹھی لڑکی کے سامنے مجھے خدمت خلق کے بڑے بڑے چھیتیں کیڑے مکوڑوں کی طرح نظر آ رہی تھیں۔

زکوٰۃ کے مصارف

تحریر: مولانا محمد اکرم اعوانؒ

صدقات دو قسم کے ہیں۔ نفل صدقات اور فرض صدقات، فرض صدقات میں سرفہرست زکوٰۃ ہے۔ اسلام کا معاشی نظام دنیا کے تمام نظاموں سے منفرد اور بہترین نظام ہے کہ اللہ کا عطا کردہ ہے اللہ اپنی مخلوق کا بھی خالق ہے اور ان کی ضروریات کا بھی خالق ہے ان کی خواہشات و آرزوؤں کو بھی جانتا ہے اور ان کی تکمیل کے بھی وہ ذرائع صحیح ہیں جو اللہ کریم نے مقرر فرمائے ہیں نفلی صدقہ مومن و کافر ہر ایک کو دیا جا سکتا ہے لیکن فرض صدقات صرف مسلمانوں کے لیے ہیں زکوٰۃ صرف مسلمانوں سے لی جائے گی کہ غیر مسلم پر زکوٰۃ بھی فرض نہیں مسلمانوں سے ہی لی جائے گی اور مسلمانوں کو ہی دی جائے گی۔ جس کے پاس کوئی رقم جو چالیس روپے سے زائد ہو اور ایک سال تک اس کے پاس محفوظ رہے اس کی ضرورت میں استعمال نہ آئے تو اس میں سے اسے ایک روپیہ زکوٰۃ کے لیے دینا فرض ہے۔ گویا سو میں سے اڑھائی فیصد ٹیکس وہ ہے جو زائد از ضرورت رقم پر لگے گا اور غریب مسلمانوں پر ہی خرچ ہو گا۔ اس کے آٹھ مصارف ہیں جو خود اللہ کریم نے مقرر فرما دیے۔ وہ کسی کی تقسیم نہیں ہے اللہ کی اپنی تقسیم ہے حتیٰ کہ اللہ کریم نے اسے انبیاء علیہم الصلوٰۃ پر بھی نہیں چھوڑا اپنی طرف سے ان کی تقسیم مقرر فرما دی اور یہ بہتر معاشی نظام ہے۔ چونکہ اسلام ارتکاز دولت کو پسند نہیں کرتا کہ کسی کی دولت ایک جگہ جمع ہوتی جائے، امیر امیر تر ہوتے جائیں اور غریب غریب تر ہوتے جائیں۔ دنیا کا سب سے بڑا معاشی مسئلہ بھی یہی ہے۔ دنیا میں ایسے نظام موجود ہیں کہ جس کے پاس پہلے دولت ہے وہ اور جمع کرتا جاتا ہے اور جو پہلے تہی دست ہے وہ اور غریب ہوتا چلا جاتا ہے۔ یہ صرف اسلام ہے جس نے زکوٰۃ کا نظام دیا ہے جس کے سبب جو زائد از ضرورت دولت ہے وہ چالیس تیس برس میں واپس گردش میں آ جاتی ہے۔ اگر ڈھائی فیصد ایک سال آئے گی تو چالیس سالوں میں گویا وہ ساری واپس گردش میں آ جاتی ہے۔ اسی معاشرے میں گردش کرے گی پھر اس کے نفلی صدقات کی بہت ترغیب دی بہت سے گناہوں کا کفارہ نفلی صدقات کی صورت میں فرمایا اور بہت سی خطاؤں سے تلافی کے لیے غلام آزاد کرنے کرنے کی ترغیب دی۔ اسلام غلامی کے بھی خلاف ہے اور غلاموں کو آزاد کرنے پر اللہ کریم نے بڑے اجر کا وعدہ فرمایا ہے حتیٰ کہ غلاموں کو آزاد کرنے کے لیے ایک مد مصارف زکوٰۃ میں مقرر کی لیکن اس اطلاق صرف مسلمان غلاموں پر ہی ہو گا۔

زکوٰۃ کے مصارف:

انما الصدقت للفقرائ زکوٰۃ کا سب سے پہلا مصرف فقیر کی امداد ہے۔ فقیر اسے کہتے ہیں جو بالکل تہی دست ہو۔ جس کے پاس نہ گھر ہو نہ ٹھکانہ، نہ روزگار ہو نہ کوئی ذریعہ معاش تو سب سے پہلا حق محتاجوں یعنی فقراء کا ہے۔

والمسکین اس کے بعد غریبوں کا حق ہے۔ اصطلاح قرآن میں غریب و مسکین وہ ہو گا جس کے پاس مکان، جھونپڑا یا ٹھکانہ بھی ہے، گھر بھی ہے، کچھ مزدوری بھی کرتا ہے لیکن اس کی ضروریات پوری نہیں ہوتیں اس کی اتنی آمدن نہیں ہے کہ اپنی ضروریات آسانی سے پورا کر سکے تو وہ غرباء کے ضمن میں آئے گا وہ بھی مستحق ہے کہ زکوٰۃ سے اس کی مدد کی جائے۔

والعملین علیھا تیسرے وہ لوگ ہیں جو زکوٰۃ کو جمع کرنے پر مقرر کیے جائیں گے اور جو زکوٰۃ کو جمع کرنے پر مقرر کیے جائیں یہ ضروری تو نہیں کہ وہ فقیر ہوں یا محتاج ہوں کوئی بھی اس کام پر لگ سکتا ہے اس پر مفسرین کرام، علماء فقہاء حضرات نے بڑی لمبی بحثیں فرمائی ہیں۔ مفتی محمد شفیعؒ نے ان مباحث کو معارف القرآن میں یکجا کر دیا ہے سب کا محاصل یہ ہے کہ عاملین کو زکوٰۃ جمع کرنے پر تنخواہ نہیں دی جاتی۔ زکوٰۃ جمع تو ایک عبادت ہے، عبادت پہ اجرت نہیں ہوتی لیکن ان کا وقت لیا جاتا ہے وہ اور کوئی اور کام نہیں کر سکتے، کاروبار نہیں کر سکتے، مزدوری نہیں کر سکتے۔ شب و روز اسی میں مصروف رہتے ہیں تو جو اجرت انھیں دی جاتی ہے تو یہ ان کے اس وقت کی اجرت ہے جو ان سے لیا جاتا ہے۔ اسی سے علماء نے آئمہ مساجد جو قرآن و حدیث پڑھاتے ہیں ان کی تنخواہوں کا جواز پیدا فرمایا ہے کہ قرآن پڑھانے کی تو اجرت جائز نہیں ہے نماز پڑھانے کی اجرت بھی جائز نہیں ہے خود امام پر بھی تو نماز فرض ہے اس نے بھی پڑھنی ہے دوسروں کو پڑھا دی تو اور ثواب ہو گا اس پر تنخواہ کس بات کی۔ علماء یہیں سے اخذ کرتے ہیں کہ اگر کسی پابند کر دیا جاتا ہے کہ اس نے پانچوں نمازیں یہیں پڑھنی ہیں جمعہ کا خطاب یہاں مسجد میں دینا ہے تو اس کا جو وقت لیا جاتا اس وقت کی اجرت دی جاتی ہے عبادت کی اجرت نہیں ہے نماز تو خود اس پر فرض تھی۔

والمولفۃ قلوبھم اور وہ لوگ جن کی تالیف قلب مقصود ہو۔ کسی نے اسلام قبول کیا یا کوئی پہلے سے مسلمان ہے لیکن اتنا کمزور ہے، اتنا غریب ہے کہ اس کی کمزوری کا فائدہ اٹھا کر غیر مسلم اسے پریشان کرتے ہیں تو اس کی حوصلہ افزائی کے لیے اور اس کو محتاجی سے بچانے کے لیے فرض صدقات میں اللہ نے اس کا حق مقرر کر دیا ہے کہ اسے بھی زکوٰۃ میں سے حصہ دیا جائے گا۔

وفی الرقاب غلاموں کو آزاد کرانے کے لیے اسلام نے غلاموں کی آزادی کے لیے نہ صرف فرض صدقات میں ان کا حصہ رکھا بلکہ غلاموں کی آزادی کی ترغیب دلانے کے لیے، گناہوں کے کفارے کے طور پر اور نیکی و ثواب حاصل کرنے کے لیے غلاموں کی آزادی کو ذریعہ قرار دیا حتیٰ کہ اگر کسی سے سہواً قتل ہو جائے تو اس کی سزا بھی غلام آزاد کرنا قرار دیا۔

والغرمین مقروض لوگوں کی مدد کی جائے مقروض یہ نہیں کہ بالکل فقیر و محتاج ہی ہو کوئی صاحب حیثیت بھی ہے لیکن اس کی حیثیت اتنی نہیں ہے کہ اپنے اخراجات پورے کر کے قرضہ بھی اتار سکے آمدن اتنی ہی ہے کہ اس کا گزارہ ہو رہا ہے لیکن پیسے اتنے نہیں بچتے کہ وہ قرض اتار سکے تو وہ بھی اس کا مستحق ہے اس کا قرض اتارنے میں زکوٰۃ میں سے اس کی مدد کی جائے۔

وفی سبیل اللہ اور اللہ کی راہ۔ فی سبیل اللہ سے مراد جہاد فی سبیل اللہ ہے فی سبیل اللہ سے مراد ہے کہ معاشرے کا کوئی ایسا اصلاحی کام جس سے معاشرے کی دینی اعتبار سے اصلاح ہوتی ہو یا جہاں ملکی دفاع کی بات آ جائے یا کافروں سے مقابلہ آ جائے۔

وابن السبیل مسافر زکوٰۃ کا مستحق ہے خواہ وہ اپنے گھر میں کتنا ہی امیر آدمی ہو لیکن اگر دوران سفر وہ بھی ضرورت مند ہو جائے تو وہ بھی مسکین ہے، محتاج ہے جیسے کسی نے اس کی جیب کاٹ لی، اس کا زادِ راہ ختم ہو گیا تو مسافر کی مدد بھی زکوٰۃ سے کی جا سکتی ہے۔

زکوٰۃ کے یہ آٹھ مصارف ہیں ان کے علاوہ کسی جگہ زکوٰۃ کو پیسہ صرف نہیں ہو سکتا۔ جن لوگوں کو اللہ نے صاحب نصاب بنایا ہے اور توفیق دی ہے جب وہ زکوٰۃ دیتے ہیں تو ان کو یہ دیکھ لینا چاہیے کہ وہ زکوٰۃ کہاں دے رہے ہیں اور کیا یہ زکوٰۃ کا مصرف ہے بھی یا نہیں۔ ہم اگر دیتے بھی ہیں تو جان چھڑاتے ہیں کہ اتنے پیسے کسی پکڑا دیے اس طرح نہیں کرنا چاہیے، احتیاط چاہیے کہ جب تک وہ اپنے مصرف تک نہیں پہنچے گی دینے والے پر اسی طرح فرض رہے گی۔ فرض تب ادا ہو گا جب زکوٰۃ اپنے مصرف تک پہنچ جائے گی یا کسی شخص کو آپ دیتے ہیں تو اس پر آپ کو اتنا اعتماد ہونا چاہیے کہ یہ شخص مصارف زکوٰۃ پر میری زکوٰۃ خرچ کرے گا۔

SHOWBIZ شوبز

عامر خان نے گوری سپراٹ نامی خاتون کیساتھ تعلقات کا اعتراف کرلیا

60 سال کی عمر میں شادی کرنا شاید مجھے مناسب نہیں لگتا لیکن دیکھتے ہیں، وقت بتائے گا، اداکار



ممبئی (این این آئی) بالی وڈ اداکار عامر خان نے اپنے زندگی میں آنے والی ایک اور محبت کی تصدیق کرتے ہوئے گوری سپراٹ نامی خاتون کے ساتھ اپنے تعلقات کا اعتراف کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق عامر خان نے اپنے زندگی میں آنے والی ایک اور محبت کی تصدیق کرتے ہوئے گوری سپراٹ نامی خاتون کے ساتھ اپنے تعلقات کا اعتراف کیا ہے۔ عامر خان نے مداحوں سے انکشاف کیا کہ وہ اور گوری دونوں ایک دوسرے کے ساتھ کمیٹڈ ہیں اور وہ ان کے ساتھ سیٹلڈ محسوس کرتے ہیں۔

اپنی نوجوان بیٹی کو روزانہ فرشی شلوار پہنتے دیکھا پسند کروں گی

یہ زیادہ تر ان لڑکیوں پر جچتی ہے جو لمبی اور سلم ہوتی ہیں، ماریہ بی

کراچی (این این آئی) پاکستانی معروف فیشن ڈیزائنر ماریہ بی نے کہا ہے کہ میں ہر وقت فرشی شلوار پہننے کو ترجیح نہیں دوں گی تاہم میں اسے اپنی نوجوان بیٹی کو روزانہ پہنتے دیکھا پسند کروں گی، یہ زیادہ تر ان لڑکیوں پر جچتی ہے جو لمبی اور سلم ہوتی ہیں، ہر ٹرینڈ ہر ایک کیلئے نہیں ہوتا۔ تفصیلات کے مطابق نامور فیشن ڈیزائنر ماریہ بی نے انسٹاگرام رخ کرتے ہوئے فرشی شلوار پر اپنے خیالات واضح کئے ہیں۔ ماریہ بی کے مطابق یہ فیشن ایک مخصوص باڈی ٹائپ کیلئے موزوں ہے۔ اس بارے میں بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ہر ٹرینڈ ہر ایک کیلئے نہیں ہوتا۔

سوناکشی سنہا نے شوہر کے بغیر ہولی منانے پر ملنے والی تنقید کے بعد ٹرولز کو جواب دے دیا

ممبئی (این این آئی) بالی وڈ اداکارہ سوناکشی سنہا نے اپنے مسلم شوہر کے بغیر ہولی منانے پر ملنے والی تنقید کے بعد ٹرولز کو جواب دے دیا۔ بھارتی میڈیا کے مطابق پورے بھارت میں ہندو مذہب کے ماننے والوں نے ہولی کا تہوار بھرپور جوش و خروش سے منایا وہیں سوناکشی کو سوشل میڈیا پر سولو تصاویر شیئر کرنے اور شوہر کیساتھ ہولی نہ منانے کے سبب سوشل میڈیا پر بے حد ٹرولنگ کا نشانہ بنایا گیا۔ انسٹاگرام پر اداکارہ نے پوسٹ شیئر کی جس میں انہیں سفید لباس میں ملبوس ہولی کے رنگوں میں ڈوبے کیمرے کیساتھ دلکش پوز دیتے دیکھا گیا۔ پوسٹ کیساتھ کیپشن میں سوناکشی سنہا نے اپنے فینز کو ہولی کی مبارکباد دیتے ہوئے لکھا کہ، ہیپی ہولی، رنگ برساؤ، خوشیاں مناؤ۔ ساتھ ہی اداکارہ نے بتایا کہ مذکورہ جھلکیاں، فلم جٹادھارا کے شوٹ سے لی گئی ہیں۔ اس پوسٹ پر جلد ہی تبصروں کی بھرمار ہوگئی، انہیں پوسٹ کے تبصرے محدود کرنا پڑ گئے اور ناقدین کو جواب دینا پڑا، جو تصاویر کی بنیاد پر یہ کہہ رہے تھے کہ ان کے ساتھ شوہر ظہیر اقبال موجود نہیں تھے۔ ایک تبصرے میں کہا گیا کہ میں یقین سے کہہ سکتا ہوں۔

ماں بننے کے بعد دیپیکا پڈوکون کی ترجیحات بدل گئیں

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ اداکارہ دیپیکا پڈوکون نے اپنی صاحبزادی دعا کیلئے اپنی سب سے بڑی فکر کا اظہار کردیا۔ 39 سالہ اداکارہ جو گزشتہ برس ستمبر میں ماں بنی ہیں، نے دبئی میں فوربز 30/50 گلوبل سمٹ میں شرکت کی اور وہاں نئی ماں بننے کے تجربے کے موضوع پر تفصیلی بات کی۔ دیپیکا پڈوکون نے سمٹ کے شرکا کے روبرو موضوع سے متعلق اپنے ذاتی اور پیشہ وارانہ تجربات شیئر کیے اور ماں کی ذہنی صحت اور کیریئر سے متعلق کھل کر بات کی۔ انہوں نے اس دوران ذہنی سکون کی اہمیت پر زور دیا اور انکشاف کیا کہ وہ ذہنی بیماری سے صحتیاب ہوئی ہیں، میرے لیے ہمیشہ ذہنی سکون بڑا ہدف رہا ہے، میرے نزدیک اس سے زیادہ اہم کچھ بھی نہیں ہے، یہ کہنا آسان لگتا ہے لیکن اس کیلئے بہت محنت درکار ہوتی ہے۔

ہانیہ عامر کی بندی لگا کر ہندو مداحوں کو ہولی کی مبارکباد

کوئی برائی نہ سنو، کوئی برائی نہ دیکھو اس لیے میں برا نہیں بولتی، اداکارہ

کراچی (این این آئی) پاکستانی اداکارہ و ماڈل ہانیہ عامر نے اپنے حسین چہرے پر بندی لگا کر اپنے ہندو مداحوں کو ان کے مذہبی تہوار ہولی کی مبارکباد دی ہے۔ تفصیلات کے مطابق اداکارہ نے انسٹاگرام پر نئی پوسٹ شیئر کی ہے جس میں انہوں نے اپنی متعدد تصویریں اپلوڈ کی ہیں۔ ان تصاویر میں ہانیہ عامر کو بندی لگائے دیکھا جاسکتا ہے۔ اداکارہ نے پوسٹ میں ایک عقل مند آدمی نے ایک بار حقائق پر بات کرتے ہوئے کہا کہ کوئی برائی نہ سنو، کوئی برائی نہ دیکھو اس لیے میں برا نہیں بولتی، ہولی کا جشن منانے والوں کو مبارک ہو۔

زارا نور عباس کی سالگرہ پر اسد صدیقی کا برتھ ڈے پارٹی کا اہتمام صارفین کے دل چھو گیا



کراچی (این این آئی) پاکستانی اداکارہ زارا نور عباس کی سالگرہ پر اسد صدیقی کا منی ویلاگ کیساتھ برتھ ڈے پارٹی کا اہتمام صارفین کے دل چھو گیا۔ تفصیلات کے مطابق حال ہی میں اسد صدیقی نے فوٹو اینڈ ویڈیو شیئرنگ ایپ انسٹاگرام پر منی ویلاگ شیئر کیا جس میں انکا اپنی اہلیہ زارا کیلئے ایک سرپرائز برتھ ڈے پلان شامل تھا۔ ویڈیو میں دیکھا جاسکتا ہے کہ سالگرہ پر اہلیہ کی خوشی کیلئے پورے گھر کو پھولوں اور برقی قمقموں سے روشن کیا گیا اور پھر برتھ ڈے گرل زارا گلابی جوڑے میں ملبوس نظر آئی جو وائرل فیشن ٹرینڈ فرشی شلوار کی جانب اشارہ دے رہا تھا۔

رقاصہ نورا فتحی کا مزاحیہ انداز میں اداکار کارتک آریان پر طنز

آئیفا 2025 کی تقریب میں کارتک آریان کی رومانس سے جڑی افواہیں موضوع بحث بن گئیں

جے پور (این این آئی) معروف رقاصہ نورا فتحی نے مزاحیہ انداز میں اداکار کارتک آریان پر طنز کرتے ہوئے کہا ہے کہ کوئی ہے جسے آپ نے ابھی تک ڈیٹ نہیں کیا؟ آئیفا 2025 کی تقریب میں کارتک آریان کی رومانس سے جڑی افواہیں موضوع بحث بن گئیں۔ ایونٹ کے دوران کرن جوہر نے جب نورا فتحی کو لندن کی فرسٹ کلاس ٹکٹ آفر کی تو نورا نے فوراً پوچھا، کیا میں آپ کے ساتھ جا رہی ہوں؟ کرن نے جواب دیا کہ وہ کارتک کی بات کر رہے ہیں۔ اس پر کارتک آریان نے مداخلت کرتے ہوئے کہا کہ آپ کو ہمارے ساتھ جانے کی ضرورت نہیں، ہم آپ کو ٹکٹ دیں گے اور آپ جس کے ساتھ جانا چاہیں جا سکتی ہیں۔ کرن جوہر نے مزید مزاحیہ انداز میں کہا کہ اگر آپ ہمیں بتائیں کہ کارتک کے لیے بہترین میچ کون ہے۔

SPORTS سپورٹس

پاکستان، نیوزی لینڈ پہلے ٹی 20 میں (آج) آمنے سامنے ہوں گے

کرائسٹ چرچ (این این آئی) پاکستان اور نیوزی لینڈ کے درمیان پہلا ٹی 20 انٹرنیشنل (آج) اتوار کو کھیلا جائے گا۔ کرائسٹ چرچ میں کھیلا جانے والا میچ پاکستانی وقت کے مطابق صبح سوا 6 بجے شروع ہوگا۔ سلمان علی آغا اس سے قبل زمبابوے کے خلاف سیریز میں قومی ٹیم کی قیادت کر چکے ہیں، وہ سیریز پاکستان نے 2-1 سے جیتی تھی۔ پاکستانی ٹیم نے کرائسٹ چرچ پہنچنے کے بعد کوچز کی نگرانی میں ٹریننگ سیشن میں حصہ لیا۔ سلمان علی آغا نے کہا کہ ٹیم کی تیاری اچھی ہے اور وہ سیریز میں اچھی کارکردگی دکھانے کی کوشش کرے گی، یہ نوجوان ٹیم ہے۔

پاکستان فٹبال ایک بار پھر عالمی سطح پر نمائندگی سے محروم ہوگیا

نارملائزیشن کمیٹی کی غفلت اور ناقص حکمت عملی سے پاکستان ساتویں مرتبہ بین الاقوامی فٹبال ایونٹ میں شرکت سے قاصر

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان فٹبال ایک بار پھر عالمی سطح پر اپنی نمائندگی سے محروم ہو گیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق نارملائزیشن کمیٹی کی غفلت اور ناقص حکمت عملی کی وجہ سے پاکستان ساتویں مرتبہ کسی بین الاقوامی فٹبال ایونٹ میں شرکت سے قاصر رہا۔ ساؤتھ ایشین جونیئر ساکر چیمپئن شپ مئی میں بھارت میں کھیلی جا رہی ہے، جس میں بھارت، نیپال، سری لنکا، مالدیپ، بھوٹان اور بنگلادیش کی ٹیمیں حصہ لے رہی ہیں، مگر پاکستان کا نام ڈراز میں موجود نہیں کیوں کہ نارملائزیشن کمیٹی نے بروقت انٹری ہی نہیں بھیجی۔ یہ پہلا موقع نہیں ہے، بلکہ ایک سال میں یہ ساتواں ایونٹ ہے جس میں پاکستان فٹبال ٹیم کو شامل نہیں کیا گیا، ان میں 5 مردوں اور 2 خواتین کے بین الاقوامی مقابلے شامل ہیں۔ نارملائزیشن کمیٹی کے ایک اعلیٰ عہدے دار سے جب اس معاملے پر سوال کیا گیا تو انہوں نے مؤقف اختیار کیا کہ فیڈریشن کے انتخابات زیادہ ضروری تھے، جس کی وجہ سے انٹری نہیں دی جا سکی۔

بھارتی کرکٹ سپر اسٹار ویرات کوہلی کا نیا لک

تراشی ہوئی داڑھی کے ساتھ یہ نیا ہیئر اسٹائل ان کے مداحوں میں تیزی سے مقبول

نئی دہلی (این این آئی) بھارتی کرکٹ کے سپر اسٹار ویرات کوہلی نے اپنے نئے ہیئر اسٹائل سے مداحوں کو حیران کر دیا۔ انڈین پریمیئر لیگ (آئی پی ایل) 2025ء سے قبل کوہلی نے اپنے بالوں کا نیا انداز اپنایا ہے، جس کی تصاویر مشہور سلیبریٹی ہیئر اسٹائلسٹ عالم حاکم نے انسٹاگرام پر شیئر کی ہیں۔ کوہلی کا یہ نیا ہیئر اسٹائل سائیڈ فیڈ پر مشتمل ہے، جو ان کی شخصیت کو مزید پرکشش بناتا ہے۔ تراشی ہوئی داڑھی کے ساتھ یہ نیا ہیئر اسٹائل ان کے مداحوں میں تیزی سے مقبول ہو رہا ہے اور سوشل میڈیا پر اس کے خوب چرچے ہیں۔ ویرات کوہلی رائل چیلنجرز بنگلور (آر سی بی) کے اہم کھلاڑی ہیں، حال ہی میں دبئی میں منعقدہ چیمپئنز ٹرافی 2025ء میں شاندار کارکردگی کے بعد آئی پی ایل 2025ء کی تیاری کر رہے ہیں۔ ان کا یہ نیا لک ان کے مداحوں کے لیے ایک تازہ جھلک ہے اور آئی پی ایل سیزن کے لیے ان کے جوش و خروش کو ظاہر کرتا ہے۔ آئی پی ایل 2025ء کے آغاز سے قبل، کوہلی کا یہ نیا ہیئر اسٹائل ان کے فیشن سینس اور خود اعتمادی کی عکاسی کرتا ہے۔

بھارتی بلے باز کا ٹیم میں شامل نہ کرنے پر سلیکٹرز کو سخت پیغام

اگر ٹیم کو ان کی ضرورت ہے تو وہ بالکل تیار ہیں، بھارتی بلے باز

نئی دہلی (این این آئی) بھارت کے ویٹرن بلے باز چیتیشور پجارا نے انگلینڈ کے خلاف ٹیسٹ سیریز سے قبل بھارتی سلیکٹرز کو دو ٹوک پیغام بھیج دیا۔ ایک انٹرویو میں ان کا کہنا تھا کہ بطور کرکٹر آپ ہمیشہ بھارتی ٹیم کی جانب سے کھیلنا چاہتے ہیں۔ اگر ٹیم کو ان کی ضرورت ہے تو وہ بالکل تیار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وہ ڈومیسٹک کرکٹ کھیل رہے ہیں۔ وہ گزشتہ دو برس سے کاؤنٹی کھیل رہے ہیں۔ ڈومیسٹک سرکٹ میں وہ خوب رن اسکور کر رہے ہیں۔ لہٰذا اگر موقع ملا تو وہ دونوں ہاتھوں سے اس کو تھامیں گے۔ چیتیشور پجارا نے آخری بار 2023 میں آسٹریلیا کے خلاف ورلڈ ٹیسٹ چیمپئن شپ کا فائنل کھیلا تھا۔ ان کو 2024 میں بارڈر۔ گواسکر ٹیسٹ سیریز کے لیے سوچا گیا تھا۔

پاکستان کرکٹ بدستور اپنے پاؤں پر کلہاڑی مار رہی ہے، مکی آرتھر

سڈنی (این این آئی) قومی ٹیم کے سابق ہیڈ کوچ مکی آرتھر نے پاکستان کرکٹ کی تباہی کے ذمہ داروں سے پردہ اٹھا دیا۔ تفصیلات کے مطابق سابق پاکستانی کوچ جیسن گلیسپی نے کچھ روز قبل عاقب جاوید کو مسخرہ قرار دیتے ہوئے انھیں اپنے ذمہ داری سے الگ ہونے کی وجہ قرار دیا تھا، اب ایک اور سابق کوچ مکی آرتھر نے بھی ان کی تائید کر دی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستانی کرکٹ خود ہی اپنے پاؤں پر کلہاڑی مار رہی ہے، وہ خود ہی اپنی بدترین دشمن ہے، وہاں پر کرکٹ کو ایجنڈوں کے تحت چلایا جاتا، جیسن گلیسپی اور گیری کرسٹن ان کی کرکٹ کو آگے لے جا سکتے تھے اس لیے انھیں ہٹا دیا گیا۔ سابق ہیڈ کوچ مکی آرتھر نے کہا کہ گلیسپی ایک حیران کن کوچ اور انسان ہیں، پاکستان کرکٹ بدستور اپنے پاؤں پر کلہاڑی مار رہی ہے، وہ اپنی سب سے بدتر دشمن ہے۔ پاکستان میں بہت بڑی تعداد میں بہترین کھلاڑی موجود ہیں، انھیں اب وسائل بھی دستیاب ہیں، بے تحاشا نوجوان ٹیلنٹ اور انتہائی بہترین اسکواڈ ہیں، اس کے باوجود وہ افراتفری کا شکار ہیں۔

فرانس کے مایہ ناز فٹبالر ایمباپے کے مداحوں کیلئے اچھی خبر

UEFA نیشنز لیگ کے کوارٹر فائنل کے لیے نامزد کردہ فرانس کی ٹیم میں واپس آگئے

پیرس (این این آئی) فرانسیسی اسٹار فٹ بالر کیلیان ایمباپے کی کروشیا کے خلاف نیشنز لیگ کے میچ کے لیے فرانس کی ٹیم میں واپسی ہوئی ہے۔ کپتان ایمباپے کروشیا کے خلاف اس ماہ ہونے والے UEFA نیشنز لیگ کے کوارٹر فائنل کے لیے نامزد کردہ فرانس کی ٹیم میں واپس آئے ہیں۔ 26 سالہ ایمباپے کو اکتوبر اور نومبر میں نیشنز لیگ کے گروپ مرحلے کے لیے کوچ ڈیڈیئر ڈیشیمپس نے فرانس کے آخری دو اسکواڈ سے باہر رکھا تھا۔ ریئل میڈرڈ کے سپر اسٹار کو ابتدائی طور پر فٹنس کے خدشات کی وجہ سے ڈراپ کر دیا گیا تھا اور اس سے پہلے ان کی نجی زندگی کے بارے میں آنے والی خبروں کے بعد انہیں باہر کیا گیا۔ ایمباپے اس کے بعد سے کئی مہینوں سے ریال میڈرڈ کے لیے اچھی فارم میں ہیں اور انہوں نے گزشتہ سال جس کلب میں شمولیت اختیار کی تھی۔

معین علی کا پاکستانی فاسٹ بولرز کو "بہترین" ماننے سے صاف انکار

ایسا نہیں کہ تینوں بولرز بُرے ہیں البتہ انکی صلاحیت وہ نہیں جو انہیں بہترین بنا سکے، انٹرویو

لندن (این این آئی) انگلش کرکٹر و آل راؤنڈر معین علی نے آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی میں موجودہ پاکستان پیسرز کی کارکردگی کو دیکھتے ہوئے انہیں "بہترین" ماننے سے صاف انکار کر دیا۔ انگلش کرکٹر عادل راشد کیساتھ پوڈکاسٹ میں گفتگو کرتے ہوئے انگلش کرکٹر معین علی نے کہا کہ پاکستانی پس منظر رکھنے والے لوگ سمجھتے ہیں کہ ان کے پاس "بہترین سیمرز" موجود ہیں تاہم مجھے ایسا نہیں لگتا۔ انہوں نے کہا کہ نسیم شاہ، شاہین آفریدی اور حارث رؤف اچھے بالرز ہیں لیکن بہترین نہیں، مجھے غلط نہ سمجھیں، میں یہ نہیں کہہ رہا کہ وہ برے ہیں البتہ ان کی صلاحیت وہ نہیں جو انہیں "بہترین" بنا سکے۔ معین علی جانب سے تبصرہ ایسے وقت میں سامنے آیا ہے جب تینوں فاسٹ بولرز کی جانب سے چیمپئنز ٹرافی میں نہایتی ناقص پرفارمنس کا مظاہرہ کیا گیا

بقیہ 1

گرفتاری پر ایف آئی اے اور آئی بی اے کے افسران کو وزیراعظم ہاؤس مدعو کرکے سراہا، اعزازی شیلڈز اور 10،10 لاکھ روپے کے انعامات سے نوازا۔ اس موقع پر وزیراعظم نے کہا کہ انسانی اسمگلنگ کے گھناؤنے جرم کے مرتکب عناصر کی سرکوبی اولین ترجیح ہے، کالے دھندے میں ملوث افراد نے پاکستان کے تشخص کو ٹھیس پہنچانے کی کوشش کی۔ انہوں نے کہا کہ جاجا گینگ کو گرفتار کرنا لائق تحسین ہے، انسانی اسمگلنگ کے گھناؤنے جرم کے مرتکب عناصر کی سرکوبی اولین ترجیح ہے، کالے دھندے میں ملوث افراد نے پاکستان کے تشخص کو ٹھیس پہنچانے کی کوشش کی۔ انہوں نے کہا کہ انسانی اسمگلنگ میں ملوث افراد کئی بیگناہ لوگوں کی جانیں ضائع ہونے کے ذمہ دار ہیں، مکروہ عمل کے باعث کئی لوگ ڈوبے اور اپنی زندگیاں گنوا بیٹھے، انسانی جانوں پر اس سے بڑا کوئی ظلم نہیں ہوسکتا، انسانی اسمگلنگ میں ملوث عناصر کی وجہ سے پاکستان کی دنیا میں بدنامی ہوئی۔ وزیراعظم نے کہا کہ انسانی اسمگلنگ کا کالا دھندہ مکمل طور پر بند کرانے کا پختہ عزم کر رکھا ہے، گھناؤنے دھندے میں ملوث عناصر کیخلاف کارروائی پر افسران کو قوم کی طرف سے شاباش، متعلقہ ادارے انسانی اسمگلنگ کے گھناؤنے جرم کی بیخ کنی کیلئے دن رات محنت کریں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کا نام عالمی سطح پر بلند کرنے میں ہر ایک کو اپنا کردار ادا کرنا ہوگا، انسانی اسمگلنگ کے خلاف کارروائی کرنیوالے افسران نے ملک کو عزت بخشی، متعلقہ ادارے ایسے ہی اپنی اعلیٰ کارکردگی کا سلسلہ جاری رکھیں، پوری قوم انسانی اسمگلنگ کیخلاف کارروائی میں اداروں کیساتھ کھڑی ہے۔

بقیہ 2

رپورٹ میں ذرائع پیٹرولیم ڈویژن کے حوالے سے کہا گیا ہے کہ پاور سیکٹر کی طلب کم ہونے سے ایل این جی سرپلس ہوگئی، قطر سے 5 ایل این جی کارگوز پہلے ہی منسوخ کرائے جاچکے، حکومت مزید 3 کارگوز کو واپس عالمی مارکیٹ میں بھیج چکی ہے۔ ذرائع کے مطابق مہنگی ہونے کے باعث پاور سیکٹر میں استعمال کم ہوگیا، پاور سیکٹر صرف 200 ایم ایم سی ایف ڈی ایل این جی استعمال کر رہا ہے۔ درآمدی ایل این جی پائپ لائنوں میں ڈالنے سے سسٹم پر بھی دباؤ بڑھ گیا، پائپ لائنیں بچانے کیلئے مقامی فیلڈ سے گیس کی پیداوار روکی جارہی ہے، مقامی کنوؤں سے روزانہ 300 ایم ایم سی ایف ڈی پیداوار روکی جارہی ہے۔ طویل المدتی معاہدے کے تحت پاکستان قطر سے سالانہ 120 کارگو منگواتا ہے، بہتر موسم کے باعث بجلی کی طلب میں اضافہ نہ ہونا بھی ایل این جی سرپلس کی وجہ ہے۔

بقیہ 3

ہیں کہ ان کے باہر کے ممالک سے جو تعلقات ہیں وہاں بیٹھے ہوئے لوگ ان کو وہاں سے کیسے امداد اور اعانت ملتی ہے جو بہت بڑا ابریک تھرو ہے۔ نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا کہ پاکستان میں جو دہشتگردی اور بدامنی ہے اس میں افغانستان کا ہاتھ ہے، افغانستان میں اس وقت دنیا بھر کی دہشتگرد تنظیمیں موجود ہیں اور پروان چڑھ رہی ہیں، ان کی لیڈر شپ افغانستان میں بیٹھی ہوئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ کوئی بھی دہشتگرد تنظیم ہے اس کی آماجگاہ افغانستان ہے، ہم نے بہت کوشش کی کہ یہاں جو دہشتگردی ہو رہی ہے اس میں بی ایل اے یا ٹی ٹی پی ملوث ہے ان کو افغانستان لگام دے مگر افغانستان ہمسائے والا کردار ادا نہیں کر رہا۔ بلوچستان کے وسائل پر قبائلی سرداروں کا قبضہ رہا ہے، وہاں نوجوانوں کے استحصال کی شکایت ہے، اے پی سی کا مرکزی ایجنڈا ہوگا، اے پی سی میں پی ٹی آئی بھی غیر مشروط شامل ہو، ان کا صرف ایک ہی نعرہ ہے خان نہیں تو پاکستان نہیں۔

بقیہ 4

خدشہ ظاہر کردیا۔ نوشکی کے اسٹیشن ہاؤس آفیسر (ایس ایچ او) ظفر اللہ سملانی کے مطابق ابتدائی تحقیقات سے پتہ چلتا ہے کہ یہ ایک خودکش حملہ تھا۔ ایس ایچ او نوشکی نے کہا کہ جائے وقوعہ سے ملنے والے شواہد سے پتہ چلتا ہے کہ ایک خودکش حملہ آور نے دھماکا خیز مواد سے بھری گاڑی ایف سی کے قافلے سے ٹکرائی۔ پولیس کے مطابق دھماکے میں 5 اہلکار جاں بحق 12 سے زائد زخمی ہوگئے، زخمیوں کو ایف سی کیمپ اور نوشکی ٹیچنگ اسپتال منتقل کیا جارہا ہے جہاں ایمرجنسی نافذ کردی گئی ہے، متعدد زخمیوں کی حالت تشویشناک ہے جس کے باعث اموات میں اضافے کا خدشہ ہے۔ پولیس کے مطابق دھماکا پاک ایران شاہراہ این 40 پر ہوا، جس کی آواز دور دور تک سنی گئی، دھماکے کے بعد سیکورٹی فورسز کی بھاری نفری نے علاقے کا گھیراؤ کرلیا۔

بقیہ 5

قائم کردی گئی۔ محمد نواز شریف سٹیرنگ کمیٹی کے پیٹرن انچیف ہوں گے۔ متعلقہ افسران پر مشتمل ''لہر'' کی ذیلی فنکشنل کمیٹی بھی قائم کردی گئی۔ خصوصی اجلاس میں لاہور کے تاریخی مقامات سے تجاوزات کی نشاندہی اور ہٹانے پر اتفاق کیا گیا۔ محمد نواز شریف نے تجاوزات کے متاثرین کو کاروبار کے لئے متبادل جگہ دینے اور معاوضہ ادا کرنے کی ہدایت کی۔ لاہور کے ہیری ٹیج ایریاز کی بحالی کے لئے جامع پلان طلب کرلیا۔ لاہور کے ہیری ٹیج ایریاز کی بحالی کے لئے شہر چھ زونز میں تقسیم کیا جائے گا۔ تمام زونز کے ہیری ٹیج ایریاز کی بحالی کے لئے بیک وقت کام شروع کرنے کی تجویز پر اتفاق کیا گیا۔ قدیمی مال روڈ کی دلکشی کے لئے بجلی کے تار کی انڈر گراؤنڈ شفٹنگ کا کام تیزی سے جاری ہے۔ انڈر گراؤنڈ پارکنگ کے لئے شہر کے پانچ مقامات کی نشاندہی کرلی گئی۔ نیلا گنبد کی اصل اور قدیمی صورت بحال کرنے کے لئے تجاویز اور سفارشات کا جائزہ لیا گیا۔ سرکلر روڈ، باغیچاں اور بدرو کو اصل حالت میں بحال کرنے کا اصولی فیصلہ بھی کیا گیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے سرکلر روڈ اور تاریخی دروازوں کے اطراف میں تجاوزات پر برہمی کا اظہار کیا۔ بھاٹی گیٹ اور دیگر دروازوں کا منظر نامہ واضح کرنے کے لئے رکاوٹیں ہٹانے کی ہدایت کی۔ شاہی قلعہ، مقبرہ جہانگیر و نور جہاں، شالا مار باغ، کامران کی بارہ دری اور دیگر مقامات کو بھی بحال کرنے پر اتفاق کیا گیا۔ شاہ عالم مارکیٹ تا بھاٹی تک پیدل گزرگاہ بنانے کی تجویز پر غور کیا گیا۔ پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر محمد نواز شریف نے اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پرانا لاہور بہت خوبصورت ہے، اصل حالت میں بحال کیا جانا ضروری ہے۔ تاریخی ورثے کی کھوئی ہوئی میراث کو واپس لانے کا کام قومی فریضہ سمجھ کر سرانجام دیا جائے۔ شہروں کی اصل اور قدیم صورتحال میں بگاڑ پیدا کرنا مناسب طرز عمل نہیں۔ یورپ نے اپنے شہروں کی صدیوں بعد بھی پرانی شکل میں بحال رکھا۔ یورپ میں صدیوں گزرنے کے باوجود پرانے محلات اور عمارتیں اصل حالت میں موجود ہیں۔ قومی ورثہ کو تباہ کرنا پسماندگی کے مترادف ہے۔ لاہور کی قدیمی اور تاریخی حیثیت اور حالت بحال کرنے سے پاکستان بھر کے لوگ محظوظ ہونگے۔ قیام پاکستان سے قبل لاہور کو انڈو پاک کا ثقافتی مرکز سمجھا جاتا تھا۔ تجاوزات کی وجہ سے اب کوئی تاریخی بازاروں میں جانا پسند نہیں کرتا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ قدیم لاہور کی بحالی پر کام کر رہے ہے، چند سال میں شہر کی اچھی شکل نظر آئے گی۔ جگہ جگہ تجاوزات سے شہروں کو بگاڑنے کی اجازت نہیں دیں گے۔ تاریخی عمارت کی بحالی کافی نہیں بلکہ اسے برقرار رکھنا بھی ضروری ہے۔ عوام میں شہریت کا شعور بیدار کرنا ناگزیر ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ لاہور کے تاریخی دروازوں کو قدیمی شکل میں بحال کیا جائے گا۔ بریفنگ کے دوران بتایا گیا کہ لاہور میں کم از کم 115 عمارتیں تاریخی ورثہ کی حیثیت رکھتی ہیں۔ کولونیل دور کی 75 قدیمی عمارتوں میں سے 48 عمارتوں پر کام جاری ہے۔ مال روڈ پر سعادت منٹو، شورش کاشمیری اور دیگر ادبی شخصیات کی رہائش گاہوں پر تختی لگا کر نمایاں کیا جائے گا۔

بقیہ 6

کی ماں کا کردار ادا کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ دہشتگرد گروہوں کی سوچ اور خیالات آپس میں نہیں ملتے، ان سب کو را نے اکٹھا کیا ہے، را دہشت گردوں کی ماں کا کردار ادا کر رہی ہے، سفاکانہ کارروائیوں کیلئے فنڈز اور اسلحہ فراہم کر رہی ہے۔ وزیراعظم کے مشیر نے کہا کہ بڑے افسوس کی بات ہے کہ ہمارا ہمسایہ افغانستان جس کی پناہ گزینوں کی شکل میں ہم نے سالہا سال مدد کی ہے، افغانستان کے عوام پاکستان کے ساتھ ہیں، مگر افغان حکومت پروکسی کا کردار ادا کر رہی ہے، دہشتگردوں کو جس قسم کی سہولت فراہم کی ہوئی ہیں، ان کی مدد سے وہ دہشتگردی کی کارروائیاں کرتے ہیں جو کہ انتہائی قابل مذمت ہے۔ رانا ثنااللہ نے جعفر ایکسپریس کے مسافروں کو یرغمال بنائے جانے کے تاثر کو یکسر مسترد کرتے ہوئے کہا کہ یہ بالکل غلط بات ہے، انہوں نے کہا کہ کارروائی ہوتی ہی انڈیا نے پروپیگنڈا شروع کردیا اور ساتھ ہی ہمارے ملک کی ایک سیاسی جماعت کا سوشل میڈیا بھی بھارتی میڈیا کے ساتھ شروع ہوگیا اور انہوں نے اس چیز کو اس طرح ابھارا جیسے یہ کوئی بہت بڑا واقعہ ہوگیا اور خدانخواستہ پاکستان کی سلامتی کو نقصان پہنچا سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مگر ہماری فورسز نے جیسے ہی آپریشن شروع کیا، تمام دہشتگردوں کو چند گھنٹوں میں جہنم واصل کردیا گیا، اب جائے وقوعہ پر سب کی رسائی ہے، آزاد میڈیا بھی وہاں گیا ہے، سب نے دیکھا ہے کہ ٹرین کے تمام مسافر بازیاب ہوچکے ہیں جبکہ 26 لوگ شہید ہوئے ہیں جن میں 18 جوان پاک فوج سے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پورے ملک خدانخواستہ کئی سو لوگ لاپتہ ہوتے تو ان کے لواحقین سوال کرتے کہ ہمارے لوگ لاپتہ ہیں لیکن کوئی ایسا معاملہ نہیں ہے، بھارتی ساختہ پروپیگنڈا ہے۔ رانا ثنااللہ نے کہا کہ گرینڈ آپریشن کی صرف بات بنی ہوئی ہے، کسی گرینڈ آپریشن کی نہ کوئی ضرورت نہیں ہے، نہ گرینڈ آپریشن کی کوئی شکل ہوتی ہے، انہوں نے کہا کہ اس سے بڑا گرینڈ آپریشن کیا ہوگا کہ روزانہ کی بنیاد پر بیسیوں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن ہو رہے ہیں اور دہشتگرد مارے جارہے ہیں، اس سے بڑا آپریشن اور کیا ہوسکتا ہے؟ اسی آپریشن سے دہشتگردی کنٹرول ہوگی اور دہشت گرد نیست ونابود ہوں گے۔

بقیہ 7

پیش آیا۔ نامعلوم مسلح نقاب پوشوں نے دکان میں بیٹھے سادہ لباس میں ملبوس پولیس اہلکاروں پر اندھا دھند فائرنگ کردی۔ حملے کے نتیجے میں جوہر خان موقع پر ہی شہید ہوگئے، جبکہ ان کے ساتھی امیر الدین کو اغوا کرکے دانہ لگاڈ کے علاقے میں بے دردی سے قتل کردیا گیا۔ صبح کے وقت اس کی لاش برآمد ہونے پر علاقے میں کہرام مچ گیا۔ یہ لرزہ خیز واقعہ وزیرستان میں بڑھتی ہوئی دہشت گردی کا تسلسل ہے، جس سے عوام میں شدید خوف و ہراس پھیل گیا ہے۔ مقامی افراد اور سیاسی حلقے غیر یقینی صورتحال سے دوچار ہیں اور سیکورٹی اداروں سے مؤثر کارروائی کا مطالبہ کررہے ہیں۔ یاد رہے کہ جنوبی اور شمالی وزیرستان میں حالیہ دنوں میں دہشت گردانہ واقعات میں خطرناک حد تک اضافہ دیکھنے میں آیا ہے، جس نے علاقہ مکینوں کو شدید عدم تحفظ کا شکار کردیا ہے۔

بقیہ 8

شہریوں کو خوفزدہ کرنا اور ترقی کا پہیہ روکنا ہے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ ملک دشمن عناصر تخریبی کارروائیوں سے مذموم مقاصد حاصل نہیں کرسکتے، پاک فوج اور سیکورٹی ادارے دہشتگردوں کی سرکوبی جاری رکھیں گے، معصوم شہریوں کی جانوں سے کھیلنے والے کسی رعایت کے مستحق نہیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان اور خیبر پختونخواہ کو سوچی سمجھی سازش کے تحت نشانہ بنایا جارہا ہے۔ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جوار رحمت میں جگہ اور زخمیوں کو جلد صحت یاب فرمائے۔

بقیہ 9

پر بھی کام کرنا چاہیے، چیمپئنز ٹرافی میں قومی ٹیم کی کارکردگی پر پوری قوم مایوس ہے، قومی ٹیم نہ فائنل میں پہنچ سکی نہ فائنل ہم تک پہنچ سکا۔ سردار محمد بخش مہر نے کہا کہ ہمیں قومی کرکٹ ٹیم پر کافی محنت کرنے کی ضرورت ہے، کرکٹ میرے دائرہ اختیار میں نہیں لیکن اب مجھے ہی کرکٹ کیلئے کچھ کرنا پڑیگا، اپنے کھلاڑیوں کیلئے کچھ کرنیکی ضرورت ہے، کھلاڑیوں کو پیغام ہیکہ فٹنس ہے تو سب کچھ ہے۔ صوبائی وزیر کھیل نے کہا کہ کسی زمانہ میں کورنگی میں جائنہ کٹنگ اور لینڈ گریبنگ عروج پر تھی، اب کورنگی میں کھیلوں کے ایونٹ دیکھ کر خوشی ہورہی ہے، سندھ حکومت ضلع کورنگی میں آئندہ سال کرکٹ سمیت مختلف کھیلوں کا انعقاد کرائیگی۔ وزیر کھیل سندھ نے کورنگی میں شہید ذوالفقار علی بھٹو کرکٹ اکیڈمی اور جم کلب بنانے کا بھی اعلان کیا۔

بقیہ 10

میں 81 غیر قانونی گیس کنکشن منقطع کیے گئے، جبکہ 8 لاکھ 10 ہزار روپے کے جرمانے بھی عائد کیے گئے۔ فیصل آباد میں 29 غیر قانونی کنکشن کاٹے گئے اور 2 لاکھ 60 ہزار روپے کی رقم جرمانے کی مد میں وصول کی گئی۔ شیخوپورہ میں 7 غیر قانونی کنکشن منقطع کیے گئے، جبکہ 3 لاکھ 10 ہزار روپے کا جرمانہ عائد کیا گیا۔ ملتان میں 45 کنکشنز گیس چوری پر اور مزید 24 کنکشنز کمپریسر کے غیر قانونی استعمال پر کاٹے گئے۔ بہاولپور میں 9 کنکشنز گیس چوری پر جبکہ 53 کنکشنز کمپریسر کے غیر قانونی استعمال پر منقطع کیے گئے۔ گوجرانوالہ میں 1 غیر قانونی کنکشن منقطع کیا گیا اور 2 لاکھ 50 ہزار روپے کا جرمانہ عائد کیا گیا۔ ساہیوال میں 5 غیر قانونی کنکشنز کاٹ دیے گئے، جبکہ 10 لاکھ 30 ہزار روپے کے جرمانے عائد کیے گئے۔ سوئی ناردرن گیس چوری کے خاتمے اور شفاف گیس فراہمی کے لیے اپنے اقدامات جاری رکھے گی۔

بقیہ 11

مقبول صدیقی کا کہنا تھا کہ ایم کیو ایم نے سب سے پہلے جاگیرداروں اور وڈیروں کیخلاف آواز اٹھائی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کے مستقبل کا کوئی فریم ورک مرتب کرنے کی ضرورت ہے۔ خالد مقبول صدیقی نے کہا کہ ایکشن کی نہیں پلان کی ضرورت ہے، واقعات تسلسل کے ساتھ ہورہے ہیں، قوم کو اعتماد میں لیا جائے، اور کل جماعتی کانفرنس (اے پی سی) بلائی جائے۔ چیئرمین ایم کیو ایم نے کہا کہ بلوچستان میں ملک کے باہر سے آنے والی دہشت گردی نے رمضان کا تقدس پامال کیا، پاکستان کے مستقبل کا کوئی فریم ورک مرتب کرنیکی ضرورت ہے۔ ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی نے کہا کہ ایوانوں میں عوام کے دکھ اور درد کا مداوا کرنے کا کوئی امکان نظر نہیں آتا۔

بقیہ 12

پی جی 320 اور دیہی علاقوں میں 350 روپے فی کلو پر پہنچ گئی۔ پہاڑی علاقوں میں ایل پی جی 400 روپے فی کلو فروخت کی جارہی ہے انہوں نے کہا کہ گھریلو سلنڈر کی قیمت بلا جواز 700 روپے اضافے سے 3700 روپے سے تجاوز کر گئی ہے جبکہ کمرشل سلنڈر کی قیمت 14500 روپے سے تجاوز کرگئی۔ عرفان کھوکھر نے کہا کہ آئندہ چند روز میں مزید قیمت بڑھنے کا خدشہ ہے۔ یومیہ 6000 ٹن ایل پی جی فروخت کی جاتی ہے، مافیا کی جانب سے بلا جواز قیمت بڑھا کر اربوں روپے کی لوٹ مار کی جارہی ہے جبکہ ان کے خلاف کارروائی کی بجائے غریب دوکانداروں کے خلاف کارروائیاں کی جارہی ہیں۔ دوکاندار ایل پی جی گھر نہیں بناتا بلکہ خریدتا ہے، حکومت پلانٹ سے سرکاری قیمت کو یقینی بنائے۔

بقیہ 13

نہیں لیکن، ہم انہیں تعلیم تو دے سکتے ہیں۔ یتیمی کے دن کی مناسبت سے جاری کئے جانے والے اپنے پیغام میں وزیر تعلیم رانا سکندر حیات نے کہا کہ یتیم سے صرف اظہار ہمدردی کافی نہیں، ہمیں مل جل کر ان کی تعلیمی کفالت کا فرض بھی ادا کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کوشش کریں یتیم کا بچپن محرومی کی داستان بننے کی بجائے تعلیم کی طاقت سے کامیابی کی کہانی بنے۔ ہر فرد عہد کرے کہ کسی یتیم کا ہاتھ تھام کر اسے سکول تک لے کر جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ ہماری ذرا سی توجہ کسی یتیم کے بکھرے خوابوں کو جوڑ سکتی ہے۔ ہر فرد یتیموں کیلئے ہمدردی کے جذبات کو عملی اقدامات میں بدلنے کا عزم کریں۔ انہوں نے کہا کہ آئیں، ہم سب مل کر ایسا معاشرہ تشکیل دیں جہاں کوئی بچہ تعلیم سے محروم نہ ہو۔

بقیہ 14

کرتے ہوئے شہری کو اغواء کے قتل کرنے والے 3 اشتہاری مجرمان کو گرفتار کرلیا، گرفتار مجرمان میں بلال، امیر خان، اور اسماعیل شامل ہیں، مجرمان نے لین دین کے تنازعہ پر مقدر خان کو اغواء کرکے قتل کر دیا تھا، واقعہ کا مقدمہ اکتوبر 2024 نامعلوم ملزمان کے خلاف درج کیا گیا تھا، روات پولیس نے ہیومین انٹیلی جنس سمیت تمام ذرائع بروئے کار لاتے ہوئے اشتہاری مجرمان کو گرفتار کرلیا۔ ایس پی صدر محمد نبیل کھوکھر نے کہا کہ گرفتار مجرمان کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان کیا جائے گا، مجرمان کتنے ہی شاطر کیوں نہ ہوں قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے۔

بقیہ 15

سمیت دیگر معززین نے شرکت کی۔ ہائی کمشنر ڈاکٹر محمد فیصل نے افطار ڈنر پر آئے مہمانوں کو خوشخبری سنائی کہ عید کے بعد پاکستان انٹرنیشنل ایئرلائنز (پی آئی اے) کی پروازیں برطانیہ کے مختلف شہروں کے لیے دوبارہ شروع ہوجائیں گی۔ انہوں نے کہا کہ سب سے پہلے لندن اور مانچسٹر سے پاکستان کے لیے پروازیں بحال ہوں گی۔ ڈاکٹر فیصل نے صحافیوں کو بتایا کہ ان کی کوشش ہے کہ برمنگھم سے بھی پی آئی اے کی پروازیں جلد بحال کی جائیں۔ انہوں نے اس بات کی تصدیق کی کہ پروازوں کی بحالی کے لیے باقاعدہ افتتاحی تقریب منعقد کی جائے گی اور اس موقع پر میڈیا کو مدعو کیا جائے گا۔ ہائی کمشنر ڈاکٹر محمد فیصل نے اس بات کی وضاحت بھی کی کہ پی آئی اے کی پروازوں کی بحالی کا جہاز کے پہیے اترنے سے تعلق نہیں ہے، بلکہ یہ ایک علیحدہ عمل ہے۔

بقیہ 16

کیا جائے گا۔ اجلاس کے دوران قومی ایکشن پلان پر عمل درآمد کا جائزہ لیا جائے گا اور دہشت گردوں کے خلاف آپریشنز میں تیزی لانے سے متعلق فیصلے متوقع ہیں۔ اس کے علاوہ بلاول بھٹو زرداری کی جانب سے پیش کردہ نیشنل ایکشن پلان ٹو کی تجویز پر بھی غور کیا جائے گا۔ اراکین کو موجودہ سیکورٹی صورتحال پر بریفنگ دینے کے ساتھ ساتھ ان کے سوالات کے جوابات بھی دیے جائیں گے، جبکہ مستقبل کی حکمت عملی کو حتمی شکل دی جائے گی۔

بقیہ 17

کے برعکس اس تجویز کے لیک ہونے والے مسودے سے پتہ چلتا ہے کہ پاکستان کو ریڈ لسٹ میں نہیں رکھا جائے گا، جو ان ممالک کے لیے مخصوص ہے جنہیں مکمل امریکی سفری پابندی کا سامنا کرنا ہوگا۔ واشنگٹن میں سفارتی ذرائع پاکستان کو سخت ترین پابندیوں سے بچنے میں مدد دینے کا سہرا اسلام آباد کی جانب سے امریکا کے ساتھ انسداد دہشت گردی تعاون کی تجدید کو دیتے ہیں۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کانگریس سے اپنے حالیہ خطاب میں محمد شریف اللہ کی گرفتاری میں پاکستان کے کردار کا اعتراف کیا تھا، جس پر 2021 میں کابل ہوائی اڈے پر ہونے والے بم دھماکے کی منصوبہ بندی کرنے کا الزام ہے، اس دھماکے میں 13 امریکی فوجی اور کم از کم 170 افغان شہری ہلاک ہوئے تھے۔ اس کے ساتھ ہی واشنگٹن کو افغانستان میں دہشت گردی کی سرگرمیوں میں اضافے پر تشویش ہے، کچھ امریکی حکام اب بھی پاکستان کو ممکنہ طور پر انسداد دہشت گردی کے قابل قدر اتحادی کے طور پر دیکھتے ہیں، لیکن وہ یہ بھی توقع کرتے ہیں کہ اسلام آباد سیکورٹی کی خامیوں کو دور کرنے کے لیے مزید اقدامات کرے گا۔ رپورٹس میں بتایا گیا ہے کہ مکمل پابندی کے بجائے پاکستان کو انٹرمیڈیٹ لسٹ میں رکھا جاسکتا ہے، تاہم ذرائع اس کی درجہ بندی پر منقسم ہیں۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق اگر پاکستان 2 ماہ کے اندر سیکورٹی تعاون کو بہتر بنانے کے لیے اقدامات نہیں کرتا تو پاکستان کو 25 دیگر ممالک کے ساتھ 'یلو لسٹ' میں رکھا جاسکتا ہے، جسے امریکی ویزا کے اجرا کی جزوی معطلی کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے، بیلاروس اور ترکمانستان جیسے ممالک بھی اس زمرے میں شامل ہیں تاہم نیویارک ٹائمز نے ایک مسودہ تجویز کا حوالہ دیا ہے، جس میں پاکستان کو ان 10 ممالک کی 'اورنج لسٹ' میں شامل کیا گیا ہے، جہاں سفری پابندیاں لاگو ہوں گی لیکن مکمل طور پر ختم نہیں ہوں گی، اس درجہ بندی کے تحت کاروباری مسافروں کو اب بھی ویزا مل سکتا ہے لیکن امیگرنٹ اور سیاحتی ویزوں کو پابندیوں کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے، ان ممالک کے شہریوں کو امریکی ویزا حاصل کرنے سے پہلے لازمی طور پر ذاتی انٹرویو سے گزرنا ہوگا۔ مجوزہ فہرست میں بیلاروس، اریٹیریا، ہیٹی، لاؤس، میانمار، پاکستان، روس، سیرالیون، جنوبی سوڈان اور ترکمانستان شامل ہیں۔ دوسری جانب امریکی انتظامیہ 11 ممالک کی 'ریڈ لسٹ' کو بھی حتمی شکل دے رہی ہے، جن کے شہریوں کو امریکا میں داخلے سے مکمل طور پر روک دیا جائے گا، اس فہرست میں افغانستان، بھوٹان، کیوبا، ایران، لیبیا، شمالی کوریا، صومالیہ، سوڈان، شام، وینزویلا اور یمن شامل ہیں۔ دوسری مدت کے لیے اپنے عہدے کے پہلے دن صدر ٹرمپ نے ایک ایگزیکٹو آرڈر جاری کیا تھا، جس میں محکمہ خارجہ کو ویزا اور امیگریشن پالیسیوں پر نظر ثانی کرنے کی ہدایت کی گئی تھی، جس کے تحت ان ممالک کے مسافروں کی سخت اسکریننگ اور جانچ پڑتال کے طریقہ کار کی ضرورت پر زور دیا گیا تھا، جنہیں سیکورٹی خطرہ سمجھا جاتا ہے۔ محکمہ خارجہ، محکمہ انصاف اور ہوم لینڈ سیکورٹی کے تعاون سے اگلے ہفتے وائٹ ہاؤس کو ایک رپورٹ پیش کرے گا۔ اس حکم نامے میں کہا گیا ہے کہ جن ممالک کی جانچ پڑتال کی جارہی ہے وہ ویزا درخواستوں کا جائزہ لینے اور ممکنہ سیکورٹی خطرات کی روک تھام میں امریکی حکام کی مدد کے لیے درست اور قابل تصدیق معلومات فراہم کرنے کی صلاحیت کا مظاہرہ کریں۔ اس میں متاثرہ ممالک کے لیے جانچ پڑتال اور اسکریننگ کے معیارات کی یکساں بیس لائن کو دوبارہ قائم کرنے کا بھی مطالبہ کیا گیا ہے۔ مجوزہ پابندیوں نے امریکی مسلمان برادریوں میں گہری تشویش پیدا کردی ہے، خاص طور پر ایسے وقت میں جب یہ رپورٹس اسلاموفوبیا سے نمٹنے کے لیے اقوام متحدہ کے مقرر کردہ بین الاقوامی دن کے موقع پر سامنے آئی ہیں، بہت سے لوگوں کو خدشہ ہے کہ توسیع شدہ سفری پابندیاں غیر متناسب طور پر مسلم اکثریتی ممالک کو نشانہ بناتی ہیں، جس سے حفاظتی اقدامات کی آڑ میں امتیازی سلوک کو تقویت ملتی ہے۔ پالیسی کی تبدیلی نے پہلے ہی طلبا اور پیشہ ور افراد کے لیے غیر یقینی صورتحال پیدا کردی ہے۔ کولمبیا یونیورسٹی کے انٹرنیشنل اسٹوڈنٹس اینڈ اسکالرز آفس نے ٹریول ایڈوائزری جاری کی ہے، جس میں متاثرہ ممالک بالخصوص پاکستان کے طلبا پر زور دیا گیا ہے کہ وہ غیر ضروری سفر پر نظر ثانی کریں، کیوں کہ انہیں دوبارہ داخلے میں مشکلات کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے، کونسل آن امریکن اسلامک ریلیشنز (سی اے آئی آر) نے پاکستانی شہریوں اور دیگر افراد کو بھی مشورہ دیا ہے کہ وہ انتظامیہ کے فیصلے کو حتمی شکل دینے تک سفر سے گریز کریں۔ سوشل میڈیا پر ہونے والی بات چیت بڑھتی ہوئی بے چینی کی عکاسی کرتی ہے، جس میں ڈاکٹروں اور آئی ٹی ماہرین سمیت بہت سے مسلم پیشہ ور افراد ایک دوسرے کو متنبہ کرتے ہیں کہ وہ سفر کے دوران تمام ضروری دستاویزات ساتھ رکھیں، امریکی ہوائی اڈوں اور سفارت خانوں پر جانچ پڑتال میں اضافے کے خوف نے پالیسی کے وسیع تر اثرات کے بارے میں خدشات میں اضافہ کیا ہے، ان خدشات کے باوجود، پاکستان کے پاس سلامتی کے خدشات کو دور کرنے اور ممکنہ طور پر سخت پابندیوں سے بچنے کے لیے ایک ونڈو موجود ہے۔ سفارتی ذرائع نے نوٹ کیا ہے کہ امریکا کے ساتھ پاکستان کے انسداد دہشت گردی کے تعاون، خاص طور پر محمد شریف اللہ کی گرفتاری کے معاملے میں، مزید سخت اقدامات کو روکنے میں مدد ملی ہے۔ اس کے باوجود، افغانستان میں عسکریت پسندوں کی سرگرمیوں میں اضافہ خطے کے بارے میں واشنگٹن کی پالیسیوں کو تشکیل دے رہا ہے، اگرچہ پاکستان فی الحال سخت ترین پابندیوں سے بچنے میں کامیاب رہا ہے، لیکن اگلے 2 ماہ اس بات کا تعین کرنے میں اہم ہوں گے کہ آیا وہ سفری پابندیوں سے مکمل طور پر بچ سکتا ہے یا نہیں۔ ٹرمپ انتظامیہ سفری پابندیوں میں توسیع پر غور کر رہی ہے، جس سے 43 ممالک متاثر ہو رہے ہیں اور اس کے سیاسی اور انسانی نتائج زیر بحث ہیں۔ فی الحال، پاکستانی شہریوں اور امریکی مسلمانوں کے لیے غیر یقینی صورتحال ہے، جنہیں خدشہ ہے کہ سفری اقدامات ان کی نقل و حرکت اور سلامتی پر دیرپا اثرات مرتب کرسکتے ہیں۔

بقیہ 18

گرام ہیروئن برآمد کی، پیرودہائی پولیس نے ملزم عمیر سے 2 کلو 400 گرام چرس برآمد کی، تھانہ سٹی پولیس نے ملزم رمیض سے 2 کلو 200 گرام چرس برآمد کی، دھمیال پولیس نے ملزم شایان سے 1 کلو 480 گرام چرس، ملزم اسد سرور سے 550 گرام چرس برآمد کی، رتہ امرال پولیس نے ملزم وصال سے 1 کلو 400 گرام چرس برآمد کی، ملزمان کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان عدالت کیا جائے گا، منشیات سپلائرز کے خلاف بھرپور کارروائیاں جاری ہیں۔

بقیہ 19

گرجا گھروں کی سکیورٹی کیلئے موثر انتظامات کیے گئے، راولپنڈی پولیس کے 450 سے زائد افسران و جوانوں نے ڈیوٹی کے فرائض سرانجام دیئے، تھانوں کی موبائلز، ایلیٹ فورس اور ڈولفن فورس کی خصوصی ٹیموں نے بھی گشت کے فرائض سرانجام دیئے، سینئر افسران ڈیوٹی پر مامور افسران کو چیک اور ڈیوٹی کے متعلق بریف کرتے رہے۔ سی پی او سید خالد ہمدانی نے کہا کہ شہریوں کی جان و مال کا تحفظ اولین ذمہ داری ہے جس کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جارہے ہیں۔

بقیہ 20

مذمت کی اور شہید ہونے والے ایف سی اہلکار سمیت 3 پولیس جوانوں کو خراج عقیدت پیش کیا۔ محسن نقوی نے شہداء کے لواحقین سے دلی ہمدردی و تعزیت کا اظہار کیا اور زخمی پولیس اہلکاروں کی جلد صحتیابی کیلئے دعا کی۔ وزیر داخلہ محسن نقوی کا کہنا تھا کہ قوم شہداء کی عظیم قربانیوں کو قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے، شہداء قوم کا سرمایہ افتخار ہیں، لازوال قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی، ایف سی اور پولیس کے بہادر سپوتوں کی قربانیوں کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔

بقیہ 21

اشتہاریوں کے خلاف بھرپور مہم جاری ہے، اس سلسلہ میں گزشتہ دو ہفتوں کے دوران غیر قانونی اسلحہ رکھنے اور منشیات فروشی میں ملوث 136 ملزمان کو گرفتار کیا گیا، گرفتار ملزمان کے قبضے 20 کلوگرام سے زائد ہیروئن، 11 کلوگرام چرس، 2 کلوگرام سے زائد آئس، 165 لیٹر شراب، 69 مختلف بور کے پستول، 06 جدید خودکار بندوقیں اور 268 رونڈ برآمد کر لئے گئے، جبکہ مجرمان اشتہاریوں و عدالتی مفروران کی گرفتاری کے لیے چلائی جانے والی خصوصی مہم کے دوران 38 مجرمان کی گرفتاری عمل میں لائی گئی۔ ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد محمد شعیب خان نے کہا کہ مہم کا مقصد شہر میں جرائم کی روک تھام کے ساتھ شہر کو غیر قانونی اسلحہ سے پاک کرنا اور شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانا ہے، انہوں نے افسران کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ ضلع بھر میں جرائم پیشہ عناصر کیخلاف قانونی کارروائیاں مزید تیز کی جائیں اور اس کے سدباب کیلئے جامع حکمت عملی اپنائی جائے، کسی بھی عناصر کو عوام الناس کے امن میں خلل ڈالنے، وفاقی دارالحکومت میں غیر قانونی اسلحہ کے استعمال اور شہریوں میں خوف و ہراس پھیلانے کی اجازت نہیں دی جائے گی، جن شہریوں کے پاس لائسنس یافتہ اسلحہ موجود ہے وہ اس کا اندراج اپنے متعلقہ تھانے میں کروائیں اور اسلام آباد پولیس کی غیر قانونی اسلحہ کے خلاف جاری مہم میں ساتھ دیں، اسلام آباد پولیس شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کے لئے تمام تر وسائل بروئے کار لا رہی ہے، شہریوں سے بھی گزارش ہے کہ وہ پولیس کے ساتھ تعاون کریں اور کسی بھی مشکوک شخص یا سرگرمی کے بارے میں متعلقہ تھانہ یا ایمرجنسی ہیلپ لائن "پکار-15" پر فوراً اطلاع دیں۔

بقیہ 22

سیاست دان مشاہد حسین سید نے مجوزہ فہرست کو امریکی حکومت کا سیاسی فیصلہ قرار دیا، حکومت پاکستان کو مشورہ دیا کہ پابندیاں لگنے کی صورت میں امریکیوں پر جوابی پابندیاں عائد کی جائیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ بھارت ان 3 ملکوں میں شامل ہے، جہاں سے سب سے زیادہ غیر قانونی مہاجرین امریکا آتے ہیں، مگر بھارت کا نام مجوزہ فہرست میں نہیں ہے۔ علاوہ ازیں سابق سفیر ملیحہ لودھی کا کہنا ہے کہ ان کی معلومات کے مطابق پاکستانیوں پر سفری پابندیاں نہیں ہوں گی، لیکن ویزے ملنے میں سختی ہوگی۔

بقیہ 23

کہ اس دوران صادق آباد کے علاقہ میں روڈ پولیس ناکہ پر ویگو ڈالا کو پولیس نے گھیرے میں لیکر مغوی صنعتکار کو بحفاظت برآمد بازیاب کر کے چار اغوا کاروں کو اسلحہ سمیت گرفتار کرلیا۔ جن کو سلانوالی پولیس سرگودھا منتقل کرکے مزید کارروائی میں مصروف تفتیش ہیں۔

بقیہ 24

کے تجزیے کے نتائج میں آرسینک، مائیکرو بائیولوجیکل اور کیمیائی آلودہ مواد کی خطرناک سطح سامنے آئی ہے، جس کی وجہ سے یہ برانڈز انسانی استعمال کے قابل نہیں ہیں۔

بقیہ 25

ریلوے حکام نے حملے میں تباہ ہونے والی مسافر کوچز اور انجنوں کو مرمت کے کام کے لیے لاہور بھیجنے کا فیصلہ کیا ہے۔ میڈیا رپورٹ میں معلومات کے حوالے سے کہا گیا ہے کہ دہشتگردوں نے ٹرین کو روکنے کے لیے دھماکا خیز مواد کا استعمال کیا اور دونوں اطراف سے گولیوں کی بوچھاڑ بھی کی جس سے کھڑکیوں کے شیشے ٹوٹ گئے اور دیگر نقصانات بھی ہوئے۔ جعفر ایکسپریس میں 9 کوچ اور ایک لوکوموٹو لگا ہوا تھا۔ ریلوے کے سینئر عہدیدار نے بات کرتے ہوئے بتایا کہ ان میں سے 3 کو دہشتگردوں نے دھماکوں کے ذریعے پٹری سے اتار دیا جبکہ باقی بوگیوں میں گولیوں کے سوراخ ہوگئے۔

بقیہ 26

لیوی میں 10 روپے لیٹر اضافہ کردیا گیا۔ ذرائع نے بتایا کہ پٹرولیم لیوی بڑھانے سے اضافی رقم بجلی کے بلوں میں ریلیف پر خرچ ہوگی، اوگرا دستاویز میں بتایا گیا ہے کہ پٹرول پر لیوی 60 سے بڑھا کر 70 روپے کردی گئی، ڈیزل پر لیوی 60 روپے سے بڑھا کر 70 روپے لیٹر کی گئی ہے۔ اوگرا دستاویز میں کہا گیا ہے کہ پٹرول کی قیمت میں 9 روپے 53 پیسے کا ریلیف نہیں دیا گیا، ڈیزل کی قیمت میں 9 روپے 17 پیسے کا ریلیف نہیں دیا گیا۔ ذرائع نے بتایا کہ لیوی بڑھانے سے 16 دنوں میں 50 ارب روپے کی آمدن متوقع ہے، مٹی کے تیل پر بھی لیوی بڑھا دی گئی ہے۔ اوگرا دستاویز کے مطابق لائٹ ڈیزل پر لیوی 7 روپے 75 پیسے لیٹر کردی گئی، ہائی اوکٹین پر لیوی 50 روپے فی لیٹر کردی گئی۔ ذرائع نے بتایا کہ رواں مالی سال جولائی تا فروری 718 ارب روپے لیوی ملی، رواں مالی سال پٹرولیم ڈویلپمنٹ لیوی کا ہدف 1281 ارب روپے ہے۔ اب لیوی 60 سے 70 روپے لیٹر ہونے سے ہر ماہ 10 ارب روپے اضافی ملیں گے، لیوی بڑھنے سے 30 جون 2025 تک 1140 ارب روپے ملنے کی توقع ہے۔

بقیہ 27

افغان جرگہ کی کوششوں سے فائر بندی کا معاہدہ برقرار ہے۔ کسٹم ذرائع کے مطابق تجارتی گزرگاہ بند ہونے سے ملک یومیہ اوسطاً 3 ملین ڈالرز کی دو طرفہ تجارت سے محروم ہے، افغانستان سے یومیہ اوسطاً 1.6 ملین ڈالرز کی امپورٹ جبکہ 1.4 ملین ڈالرز کی ایکسپورٹ کی جاتی ہے۔ رپورٹ کے مطابق 22 روز کے دوران مجموعی طور پر 66 ملین ڈالرز مالیت کی دو طرفہ تجارت نہیں ہوسکی۔ امیگریشن حکام کے مطابق طورخم سرحدی گزرگاہ کے راستے یومیہ اوسطاً 10 ہزار افراد افغانستان آمد و رفت کرتے ہیں۔

بقیہ 28

حادثے کا شکار ہونے والی گاڑی کہوٹہ فارورڈ سے راولپنڈی جارہی تھی کہ حویلی میں محمود گلی کے قریب کھائی میں جاگری۔

بقیہ 29

لیے مجلس عمومی کا اجلاس بلایا ہے، اور عید کے بعد اس حوالے سے مزید فیصلہ کیا جائے گا۔ مولانا فضل الرحمن کا کہنا تھا کہ حکومت اور پارلیمان کٹھ پتلی ہیں، وزیراعظم، صدر اور وزیر داخلہ اہل نہیں ہیں، موجودہ حکمران الیکشن جیت کر نہیں آئے۔ انہوں نے کہا کہ ریاست خطرے میں ہے، حیرت ہے کہ ہم اپوزیشن میں ہو کر ملک کا سوچ رہے ہیں، جبکہ حکومت ملک کا کیوں نہیں سوچ رہی ہے، وزیراعظم افطار کیلئے دعوت دے رہے ہیں مگر ملکی مسائل پر بات کیوں نہیں کر سکتے۔ ان کا کہنا تھا کہ پوسٹل سروسز، پی ڈبلیو ڈی سمیت دیگر اداروں سے ملازمین نکالے جا رہے ہیں، اگر ملازمین نااہل ہیں تو آپ کیسے اہل ہیں، ملازمین کو ملازمتوں سے نکالیں گے تو جوان کہاں جائیں گے۔ مولانا فضل الرحمن نے سندھ کی صورتحال کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ صوبے میں ڈاکو خود سے نہیں بلکہ ردعمل میں بنے ہیں۔ پی ٹی آئی کے ساتھ اتحاد کے حوالے سے مولانا نے کہا کہ اس پارٹی کی اصل قیادت جیل میں ہے، اور باہر جو ہیں ان کی یکسوئی کا فقدان ہے، انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی سے معاملات میں تلخی کم ہوئی ہے، بیان بازی سے پی ٹی آئی کے ساتھ ممکنہ اتحاد میں دراڑ نہیں پڑے گی۔ ان کا کہنا تھا کہ میرے خلاف اگر کوئی بیان دیتا ہے تو پی ٹی آئی کو نوٹس لینا چاہیے، شیخ وقاص اکرم اور ان کے بڑوں سے میرا تعلق ہے، اس پارلیمنٹ میں شیخ وقاص اکرم سے ملاقات نہیں ہوئی، جب سے شیخ وقاص اکرم کی صورت تبدیل ہوئی ہے ان کی گفتگو بھی تبدیل ہوگئی ہے۔ مولانا فضل الرحمن نے کہا کہ حکومت مخالف تحریک میں پی ٹی آئی سے اتحاد پر پالیسی ساز اجلاس میں فیصلہ ہوگا، حکومت میں شمولیت کے لئے حکمران منتیں کرتے رہے۔ ملکی موجودہ سیاسی صورتحال میں نواز شریف اہم کردار ادا کرسکتے ہیں، اگر نواز شریف سمجھتے ہیں ایک صوبہ میں حکومت سے کام چل گیا تو ملک کہاں گیا۔ صدر مملکت آصف علی زرداری کے حوالے سے مولانا نے کہا کہ وہ انجوائے کر رہے ہیں، آصف زرداری واحد شخص ہیں جو صوبائی اسمبلی اور ایوان صدر خریدنے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔ جے یو آئی کے سربراہ کا کہنا تھا کہ اگر پنجاب ٹھنڈا ہے تو یہ کوئی بات نہیں، دو صوبوں کو اپنے حال پر چھوڑ دیا گیا، جب ہم نکلیں گے تو یہ کہیں گے کہ ملک کا خیال کریں۔ کابل ایئرپورٹ دھماکے میں ملوث ملزم کی گرفتاری میں پاکستان کی معاونت پر مولانا کا کہنا تھا کہ پاکستان نے بکرا پیش کیا ٹرمپ خوش ہوا اور حکومت نے عید منائی، حکومت ٹرمپ کو بکرا پیش کرنے کیلئے انتظار میں تھی، ٹرمپ کے آنے سے اپوزیشن خوش جبکہ حکومت خوفزدہ تھی، بکرا پیش کرتے وقت ملک خودمختاری نہیں دیکھی گئی، اس موقع پر ڈاکٹر عافیہ صدیقی کی رہائی کی بات کی جاسکتی تھی مگر خاموشی رہی۔ مولانا فضل الرحمن نے کہا کل کو اپنے ناجائز اقتدار کو بچانے کیلئے ہم میں سے کسی کو بھی بکرا بنا کر پیش کیا جاسکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مجھے بھجوایا گیا تھریٹ الرٹ مضحکہ خیز تھا ترتیب درست نہ تھی، تھریٹ الرٹ میں کہا گیا کہ آپ سیاست حکومت اور مذہبی معاملات میں مداخلت کرتے ہیں، تھریٹ الرٹ میں کہا گیا کہ یہ فتنہ الخوارج کی طرف سے ہے، فتنہ الخوارج کا ہماری سیاست حکومت اور مذہب سے کیا تعلق ہے میرے کردار سے فتنہ الخوارج کو نہیں ان کو خطرہ ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ جان اللہ کے پاس ہے ڈرنے والے نہیں گھر بیٹھے بھی جان جا سکتی ہے، یکطرفہ فیصلے بند نہ کئے گئے ملکی سیاست میں شدت آئے گی، خرافات کی ذمہ دار اسٹیبلشمنٹ ہے، ہر شاخ پر الو بیٹھا ہے۔ مولانا فضل الرحمن نے کہا کہ مسلح جتھوں اور فوج سے لوگوں کو خطرہ ہے، بدقسمتی سے اسٹیبلشمنٹ ملک کو چلا رہی ہے، کہتے ہیں سیاستدان ملک کو کیسے چلا سکتے ہیں، خدا کیلئے آپ گھر بیٹھ جائیں سیاستدان آپ سے بہتر ملک چلا سکتے ہیں، پاکستان فوج کی ملکیت نہیں ملک ہم سب کا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایران انڈیا کیساتھ بات چیت ہوسکتی ہے تو یہ رویہ افغانستان کیلئے کیوں نہیں؟ جے یو آئی رہنماؤں پر حملے کرکے ہمیں ڈرایا جارہا ہے لیکن ہم نہیں ڈریں گے، الیکشنز میں چوری نہیں ڈاکے ڈالے گئے ہم شاہد ہیں، سیاست کو دھاندلی سے پاک کریں آئین پر عمل کریں، عوام پارلیمنٹ سے ناراض ہیں ایسے ملک نہیں چل سکتا۔ ان کا کہنا تھا کہ ریاست نے کہا تو افغانستان کے معاملہ پر کردار ادا کرنے کا سوچ سکتے ہیں، ہمارے حوصلے جواب دے گئے ہیں، مایوس نہیں ناراض ہیں، پی ٹی آئی دور حکومت میں 15 دن کا دھرنا الیکشنز کی تاریخ لیکر ختم کیا اور بعد میں الیکشنز کی تاریخ پر دھوکا دیا گیا۔ جے یو آئی کے سربراہ نے کہا کہ چوہدری برادران کہتے ہیں امانت ہے وہ الیکشن تاریخ تھی۔ مولانا فضل الرحمٰن کا کہنا تھا کہ بلوچستان کے معاملہ پر ایک طرفہ بیانیہ نہ دیکھیں، بلوچستان میں بات چیت کرنی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ مائنس ون کی سیاست پر یقین نہیں رکھتا، مقتدرہ کو پاپولر سیاستدان پسند نہیں کرتی۔ مولانا فضل الرحمٰن نے چیف الیکشن کمشنر و ممبران کے استعفی کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ مدت مکمل ہونے کے بعد بھی چیف الیکشن کمشنر و ممبران نوکری کر رہے ہیں، بڑے لوگ ہیں مدت مکمل ہونے پر ان کو مستعفی ہوجانا چاہیے، حکومت کے کہنے پر یہ بیٹھے رہیں گے۔

بقیہ 30

اداروں کے سربراہ بھی شریک ہوں گے، پورے ہاؤس کو سلامتی کمیٹی میں تبدیل کیا جائے گا، وفاقی وزراء سمیت تمام پارلیمانی جماعتوں کے لیڈرز کو دعوت دی جائے گی۔ ذرائع کے مطابق اعلیٰ عسکری قیادت خیبر پختونخوا اور بلوچستان میں دہشت گردی کی بڑھتی وجوہات پر بریفنگ دے گی، اراکین کے سوالات کے جواب بھی دیئے جائیں گے، پارلیمانی کمیٹی میں آئندہ کی حکمت عملی بھی منظور کی جائے گی۔ ذرائع نے بتایا کہ چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری کی نیشنل ایکشن پلان ٹو کی تجویز کا بھی جائزہ لیا جائے گا، پارلیمنٹ کے فیصلے کی روشنی میں دہشت گردوں کے خلاف آپریشنز میں تیزی لانے سے متعلق فیصلے ہوں گے، قومی ایکشن پلان پر عمل درآمد کا بھی جائزہ لیا جائے گا۔

بقیہ 31

سیکرٹری، شہاب زبیری کو نائب صدر، محسن بلال کو جوائنٹ سیکرٹری، نوید کاشف کو فنانس سیکرٹری منتخب ہونے پر مبارکباد دیتے ہوئے کہا ہے کہ اے پی این ایس نے ہمیشہ حقائق پر مبنی اور ذمہ دارانہ صحافت کی۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب حکومت میڈیا اور میڈیا ورکرز کے مکمل تحفظ اور آزادیوں پر یقین رکھتی ہے، پنجاب حکومت واحد صوبائی حکومت ہے جس نے سب سے صوبے کے صحافیوں کی فلاح و بہبود کیلئے اقدامات کیے۔ مریم نواز پنجاب کے صحافیوں کو جلد ان کی اپنی چھت فراہم کرنے جارہی ہیں۔

بقیہ 32

نے بھتہ دینے سے انکار کیا تو ملزمان نے شدید فائرنگ کردی، جس کی زد میں آ کر مزدور آدم شیخ موقع پر ہی جاں بحق ہوگیا۔ واردات کے بعد حملہ آور کسی مزاحمت کے بغیر فرار ہوگئے، جبکہ موقع پر موجود پولیس اہلکار بے بسی کی تصویر بنے رہے۔ یہ کوئی پہلا واقعہ نہیں، بلکہ گزشتہ ایک ماہ میں بھتہ نہ دینے پر دو شہری قتل اور درجنوں زخمی ہو چکے ہیں۔ ان وارداتوں کے بعد بھی پولیس تاحال عملی اقدامات کرنے میں ناکام نظر آرہی ہے۔ کندھ کوٹ کے تاجروں اور عام شہریوں میں شدید خوف و ہراس پایا جاتا ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ شہر میں ڈاکو راج قائم ہو چکا ہے، جبکہ منتخب نمائندے اور انتظامیہ خاموش تماشائی بنے ہوئے ہیں۔ اگر حکومت اور متعلقہ ادارے فوری طور پر عملی اقدامات نہیں کریں گے تو یہ سلسلہ مزید خطرناک شکل اختیار کرسکتا ہے۔ شہریوں کا سوال ہے کہ کیا مزدور آدم شیخ کی جان کی کوئی قیمت نہیں؟ کیا حکومت صرف بیانات تک محدود رہے گی؟ کیا انسانی حقوق کی تنظیمیں اس ظلم پر آواز بلند کریں گی یا ہمیشہ کی طرح خاموش رہیں گی؟ کندھ کوٹ کے عوام نے حکومت اور قانون نافذ کرنے والے اداروں سے مطالبہ کیا ہے کہ: آدم شیخ کے قتل میں ملوث ملزمان کو فوری گرفتار کیا جائے۔ شہر میں امن وامان کے قیام کے لیے پولیس اور دیگر فورسز کو فعال کیا جائے۔ متاثرہ خاندان کے لیے معاوضے کا اعلان کیا جائے۔ اگر حکومت نے اس واقعے کا سختی سے نوٹس نہ لیا تو عوام کے صبر کا پیمانہ لبریز ہو سکتا ہے اور لوگ احتجاج پر مجبور ہو جائیں گے۔ اب دیکھنا یہ ہے کہ حکومت اور قانون نافذ کرنے والے ادارے عوام کو تحفظ دینے کے لیے کیا اقدامات کرتے ہیں؟

بقیہ 33

خانہ سے اظہار تعزیت اور فاتحہ خوانی کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ دہشتگردوں نے بلوچستان میں سفاکانہ کارروائی کی ہے، جعفر ایکسپریس واقعہ بدترین سفاکانہ دہشتگردی کا واقعہ ہے، ہمارے دشمن سی پیک، بلوچستان کی معدنیاتی ترقی کو روکنے کی مذموم کوشش کر رہے ہیں، ہم 2013 میں بھی اس سے بدترین دہشتگردی کو شکست دے چکے ہیں، 2018 میں ملک میں مکمل امن ہو چکا تھا، پی ٹی آئی حکومت کی نرمی نے دہشتگردی کو پنپنے کا موقع دیا، ایک سیاسی جماعت نے سیاست کو ملکی مفادات سے اوپر رکھا ہے، جہاں ملک کے مفادات کا سوال ہے اس کے سامنے کسی قسم کی کوئی سیاست نہیں ہوتی، ہمیں مکمل اتحاد اور یکجہتی کے ساتھ چیلنجز کا سامنا کرنے کے لیے ایک دوسرے کی طاقت بننا چاہیے۔ احسن اقبال نے کہا کہ بزدلانہ دہشتگردی کے واقعہ کی دوست ممالک نے شدید مذمت کی ہے، سیکورٹی کونسل نے اس پر قرارداد کے ذریعے مذمت کی ہے، سلامتی کونسل نے ممالک سے کہا ہے کہ اصل مجرم کو کیفر کردار پر پہنچانے کے لیے پاکستان کے ساتھ تعاون کریں، سلامتی کونسل کی کارروائی سفارتی سطح پر پاکستان کی بڑی کامیابی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان پہلے بھی افغانستان کے ساتھ اس معاملے کو اٹھا چکا ہے، کسی کو یہ حق نہیں ہے کہ وہ اپنی سرزمین سے ہمارے ملک کے اندر دہشتگردی کرنے کی اجازت دے، دہشتگردی کے ایسے واقعات کے آگے تو امریکہ روس جیسے ممالک بھی بے بس ہوتے ہیں، واقعے کی جلدی کلیئرنس کرنا ہمارے سیکورٹی اداروں کی بہت بڑی کامیابی ہے، بہادر جوانوں کے ہوتے ہوئے کوئی ملک کی طرف میلی آنکھ سے نہیں دیکھ سکتا۔ انہوں نے کہا کہ آئی ایم ایف کا بھی وفد اپنا کام مکمل کر کے جا رہا ہے اور انہوں نے پاکستان کے اقدامات پر اطمینان کا اظہار کیا۔ وفاقی وزیر احسن اقبال نے کہا کہ پاکستان کو کسی سیاسی گرینڈ الائنس کی ضرورت نہیں، ہمیں اڑان پاکستان کے اہداف کو حاصل کرنے کے لیے ایک گرینڈ معاشی اور اقتصادی الائنس کی ضرورت ہے، عمران خان کی چار سال کی حکومت میں پاکستان دیوالیہ ہوا، پاکستان دنیا کے سامنے ایک لافنگ سٹاک بنا، مولانا فضل الرحمان پرانے ساتھی ہیں ان کو منالیں گے۔

بقیہ 34

امتحان پاس کیا، وزیر تعلیم سردار شاہ نے خود ہمیں آفر آرڈر دیے، لیکن دو سال گزرنے کے باوجود ہمیں جوائننگ نہیں دی جا رہی۔ آخر ہمارے ساتھ یہ ناانصافی کیوں ہو رہی ہے؟ ہم حکومت سے انصاف کا مطالبہ کرتے ہیں۔ متاثرہ امیدواروں نے وزیر اعلیٰ سندھ، وزیر تعلیم اور دیگر اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا اگر حکومت نے اپنے وعدے پورے نہ کیے تو امیدوار احتجاج کا دائرہ وسیع کرنے پر مجبور ہو جائیں گے

بقیہ 35

بچوں کی غذائیت کو بہتر بنانا ہے۔ حاملہ اور دودھ پلانے والی خواتین کے لیے آئرن اور فولک ایسڈ کی تقسیم ماؤں کی صحت میں غذا کی اہمیت کو مدنظر رکھتے ہوئے IEDO نے میڈیکل ایمرجنسی ریزیلینس فاؤنڈیشن (MERF) کے اشتراک سے حاملہ اور دودھ پلانے والی خواتین میں آئرن اور فولک ایسڈ (IFA) کی گولیاں تقسیم کیں۔ یہ ضروری غذائی اجزاء خون کی کمی کو روکنے، جنین کی نشوونما کو بہتر بنانے، اور دوران پیدائش پیچیدگیوں کے خطرے کو کم کرنے میں مدد دیتے ہیں۔ بچوں کی غذائیت پر آگاہی سیشنکمیونٹی کی صحت کو مزید بہتر بنانے کے لیے، IEDO نے "چلڈرن غذا" کے عنوان سے ایک آگاہی سیشن منعقد کیا، جس میں ماؤں اور دیکھ بھال کرنے والوں کو بچوں کی متوازن غذا کے بارے میں آگاہ کیا گیا۔ اہم نکات میں شامل تھے: متوازن غذا: بچوں کو تمام ضروری غذائی اجزاء فراہم کرنے کے لیے مختلف غذائی گروپوں کو شامل کرنا۔ دودھ پلانے کے فوائد: پہلے چھ ماہ تک صرف ماں کے دودھ کی اہمیت کو اجاگر کرنا۔ اضافی خوراک: دودھ کے ساتھ ساتھ ٹھوس غذا متعارف کرانے کے صحیح طریقے بتانا۔ صفائی کے اصول: کھانے کی تیاری اور ذخیرہ کرنے کے محفوظ طریقوں پر زور دینا تاکہ بیماریوں سے بچا جاسکے۔ اس طرح کے تعلیمی پروگرام کمیونٹی کو غذائی قلت کے خلاف جنگ میں مدد دیتے ہیں اور بچوں کی صحت مند نشوونما کو یقینی بناتے ہیں۔ عالمی صحت کے ماہرین کا کہنا ہے کہ صحیح غذائیت بچوں کی نشوونما، سیکھنے اور ترقی کے لیے انتہائی ضروری ہے۔ یہ اقدامات MERF، IRC، IEDO، اور یورپی یونین کے عزم کو ظاہر کرتے ہیں کہ وہ سندھ بھر میں کمیونٹی کی صحت اور فلاح و بہبود کو فروغ دینے کے لیے کام کر رہے ہیں۔ یہ اقدام غذائی قلت اور زچہ و بچہ کی صحت کے چیلنجز سے نمٹنے کی جانب ایک اہم پیش رفت ہے۔

بقیہ 36

کرنے کے بجائے سفر محفوظ بنایا جائے۔

بقیہ 37

داروں کو بخوبی سمجھتے ہیں اور ان کو پورا کرنا بھی جانتے ہیں۔ سابق سیکریٹری خارجہ اعزاز احمد چوہدری نے کہا کہ اس کے لیے دو لفظ ہیں، گلوبل جیو پالیٹیکس۔ اس وقت دنیا کی سیاست یہ رخ اختیار کرگئی ہے کہ ہندوستان امریکا کا دوست نظر آرہا ہے اور چین کے ساتھ امریکا کا جو مسابقہ ہے اس کیلئے ان کا پارٹنر ہے۔ افغانستان سے امریکی فوجیں جا چکی ہیں، پاکستان ان کو کار آمد نظر نہیں آتا اس لیے پاکستان کے عالمی قد کاٹھ اور اہمیت میں کمی آئی ہے، دوسرا یہ ہوا ہے کہ پاکستان کی جو اپنی اقتصادی ہے جس کو اب بڑی مشکل سے سنبھالا ملا ہے ورنہ تو بڑی ڈیفالٹ والی صورتحال نظر آرہی تھی، پچھلے دس سال میں ہماری سیاست بھی بہت ہنگامہ خیز رہی ہے۔

بقیہ 38

ہوگیا۔ ڈی پی او الہی نے میڈیا کو بتایا کہ دہشت گردوں نے بھاری توپ خانے سے حملہ کیا تاہم کرک پولیس نے تینوں حملوں کو ناکام بنادیا۔ انہوں نے کہا کہ مسلح افراد نے خرم اور تخت نصرتی تھانوں پر حملہ کیا جس کے نتیجے میں پولیس سب انسپکٹر اسلام نور خان شہید ہوگئے۔ سوئی گیس تنصیب پر حملے میں حملہ آوروں کا تعاقب کیا گیا لیکن وہ اندھیرے میں فرار ہونے میں کامیاب ہوگئے، تاہم، ان میں سے ایک ہلاک ہوگیا۔ پولیس نے فائرنگ کے تبادلے کے بعد مسلح عسکریت پسندوں کی جانب سے اغوا کیے گئے ایک سیکورٹی گارڈ کو بھی بازیاب کرا لیا۔ ڈی پی او شہباز الہی نے کہا کہ پولیس نے جرات کا مظاہرہ کیا، بڑے حملوں کا مقابلہ کیا اور ناکام بنایا۔ انہوں نے کہا کہ صورتحال اب قابو میں ہے، پولیس کی جانب سے جوابی کارروائی پر حملہ آور فرار ہوگئے تھے اور پہاڑوں کی طرف پیچھے ہٹ گئے تھے۔ کالعدم تحریک طالبان پاکستان نے ایک بیان میں ان حملوں کی ذمہ داری قبول کی ہے، حملہ آور کاشف عرف جرار علاقے میں دہشت گردی کی کارروائیوں میں ملوث ہونے کے الزام میں پولیس کو مطلوب تھا۔ دریں اثنا پشاور کے تھانہ مچنی گیٹ کی چیکنگ چوکی پر نامعلوم دہشت گردوں کی فائرنگ سے پولیس اہلکار نذر علی شہید ہوگیا۔ پولیس نے فوری طور پر جوابی کارروائی کی جس کے نتیجے میں حملہ آور فرار ہونے پر مجبور ہوگئے۔

بقیہ 39

مقدمات میں نامزد کیا گیا اور حقائق کے برعکس مقدمات کو درج کیا گیا۔ عمران خان کے خلاف جناح ہاؤس، عسکری ٹاور اور تھانہ شادمان جلاؤ گھیراؤ سمیت دیگر مقدمات درج ہیں۔

بقیہ 40

گئی۔ پولیس کے مطابق متوفی خاتون نشے کی عادی اور منشیات فروش بھی تھی، خاتون اپنے فلیٹ میں لوگوں کو نشہ کرنے کی سہولت بھی دیتی تھی۔ پولیس نے بتایا کہ سی ویو کے قریب رہائشی عمارت سے عبید نامی منشیات فروش کو گرفتار کیا گیا تھا جس کی نشاندہی پر خاتون کو گرفتار کرنے کے لیے لیڈیز سرچ کے ہمراہ فلیٹ پر چھاپا مارا تو خاتون نے دروازہ کھولنے کے بجائے نیچے چھلانگ لگادی۔ پولیس کے مطابق ہلاک ہونے والی خاتون کے فلیٹ سے آئس اور منشیات پینے کے لیے استعمال کرنے والا سامان بھی ملا ہے۔ خاتون کے چوتھے فلور سے چھلانگ لگانے سے پہلے کی ویڈیو نیوز نے حاصل کی ہے جس میں خاتون کو اپنے فلیٹ کی گیلری میں لٹکتا دیکھا جا سکتا ہے، ویڈیو میں دیکھا جاسکتا ہے کہ پہلے خاتون اپنی گیلری میں واپس جاتی ہے، پولیس اہلکار خاتون سے فلیٹ کا دروازہ کھولنے کا کہہ رہے ہیں۔

بقیہ 41

محمود مرزا اور جسٹس ساجد محمود سیٹھی پر مشتمل بنچ بینکنگ اور کمرشل اپیلوں، جسٹس شہباز رضوی اور جسٹس طارق سلیم شیخ پر مشتمل بنچ نیب اور کریمنل اپیلوں، جسٹس فیصل زمان اور جسٹس خالد اسحاق پر مشتمل بنچ سول اپیلوں، جسٹس شاہد کریم اور جسٹس راحیل کامران پر مشتمل بنچ کمرشل اپیلوں، جسٹس چوہدری محمد اقبال اور جسٹس وقار حیدر اعوان پر مشتمل بنچ سول اپیلوں، جسٹس شہرام سرور چوہدری اور جسٹس سردار اکبر ڈوگر پر مشتمل بنچ قتل کیسوں میں اپیلوں، جسٹس فاروق حیدر اور جسٹس علی ضیاء باجوہ پر مشتمل بنچ فوجداری اور نارکوٹکس اپیلوں، جسٹس محمد طارق ندیم اور جسٹس راجہ غضنفر علی خان پر مشتمل بنچ فوجداری اپیلوں جبکہ جسٹس سلطان تنویر احمد اور جسٹس حسن نواز مخدوم پر مشتمل بنچ بینکنگ اور کمرشل اپیلوں پر سماعت کرے گا۔

بقیہ 42

دوسری جانب، دہشت گردوں کے حملے میں متاثرہ جعفر ایکسپریس تاحال جائے وقوعہ پر موجود ہے، جعفر ایکسپریس کی پانچ بوگیوں کو تاحال ٹریک پر نہ لایا جاسکا۔ دہشت گردوں کی جانب سے دھماکے سے متاثرہ ریلوے ٹریک کے حصے کی بھی مرمت نہیں ہوسکی ہے۔

بقیہ 43

تعمیر سے بھارت کی آبی جارحیت کو روکنے میں بھی مدد ملے گی۔ انہوں نے کہا کہ اس نہر کی تعمیر سے جنوبی پنجاب اور چولستان کے علاقوں میں سبز انقلاب آئے گا، پانی کے ذرائع کو بہتر استعمال میں لاکر چولستان، جنوبی پنجاب کے عوام کا مستقبل بہتر بنایا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ فصلوں اور زمینوں کی صحیح آبیاری سے کسانوں کی حالت میں بہتری آئے گی جس سے پنجاب اور پاکستان بھی بہتر ہوگا۔ میں صرف پنجاب کی بات نہیں کرتا، ایسی نہریں سندھ اور بلوچستان سے بھی نکلنی چاہیں تاکہ وہاں بھی سبز انقلاب آئے۔ واصف مظہر راں نے کہا کہ سبز انقلاب سے عوام کو سستی خوراک ملے گی، زرعی اجناس کی ایکسپورٹ ہوگی جس سے ہمیں وسیع زرمبادلہ ملے گا۔ ممبر صوبائی اسمبلی پنجاب میاں کامران عبداللہ مڑل نے کہا کہ میں پنجاب کے بھائیوں کو بتانا چاہتا ہوں کہ نہریں نکالی جارہی ہیں تو اس سے نئے رقبے آباد ہونگے، اس سے قبل نہریں نہ ہونے کی وجہ سے سارا پانی سمندر برد ہو کر ضائع ہو جاتا تھا۔ ان نہروں سے تھل اور چولستان کا بنجر رقبہ آباد ہوگا جس سے ہماری معیشت بہتر ہوگی، بلوچستان میں بھی نہریں نکالی جائیں تاکہ نئے رقبے آباد ہوں۔ جنوبی پنجاب میں پہلے بھی پانی کی شدید قلت رہی ہے نئی نہروں سے ہمارے بھائیوں کو بھی فائدہ ہوگا، نہروں کے حوالے سے غلط پروپیگنڈا کیا جارہا ہے، اس کیلئے دریائے ستلج کا پانی استعمال ہوگا۔ نئی نہریں بنی چاہئے تاکہ پانی ضائع نہ ہو اور پاکستان کی معاشی ترقی میں اضافہ ہو۔ پی ٹی آئی کے رکن قومی اسمبلی میاں غوث محمد نے کہا کہ پاکستان کا اس وقت ایشو یہ نہریں نہیں ہیں، پنجاب کی بنجر زمینوں کو گرین پاکستان کے نام پر آباد کیا جارہا ہے، ان نہروں سے وہ پانی جو سمندر برد ہو جاتا ہے کاشتکاری کیلئے کام آجائے تو فائدہ ہوگا۔ ہم زرعی ملک ہوتے ہوئے کبھی چاول، کبھی چینی اور کبھی گندم امپورٹ کرتے ہیں، ہم ڈالر دے کر یہ تمام زرعی اجناس امپورٹ کرتے ہیں نہروں کے نظام سے ڈالر کی بھی بچت آئے گی، نہروں کے نئے نظام سے بنجر زمین آباد ہوگی اور لوگوں کو روزگار بھی ملے گا۔ میرا حلقہ چولستان ہے جہاں تقریباً لاکھ ڈیڑھ لاکھ آبادی کو بھی ان نہروں سے فائدہ ہوگا، میں سمجھتا ہوں کہ یہ نہریں نکالی جانی چاہئیں بجائے اس کے یہ پانی سمندر برد ہوکر ضائع ہوجائے۔

بقیہ 44

کیس، ویسٹریج پولیس نے متاثرہ بچی کی والدہ کی مدعیت میں مقدمہ درج کر کے ملزم جہانگیر کو گرفتار کرلیا۔ ایس پی پوٹھوہار طلحہ ولی نے کہا کہ ملزم کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان عدالت کرکے قرار واقعی سزا دلوائی جائے گی، بچوں، خواتین سے زیادتی، ہراسمنٹ ناقابل برداشت ہیں، ملوث ملزمان قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے۔

بقیہ 45

زخمی حالت میں ڈی ایچ کیو ہسپتال منتقل کیا گیا تاہم وہ دم توڑ گئی۔ ملزم عمران لڑکی سے پسند کی شادی کرنا چاہتا تھا لیکن لڑکی اور اس کی والدہ نے انکار کردیا۔

بقیہ 46

مطابق ملزم کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان عدالت کیا جائے گا، قتل جیسے سنگین مقدمات میں ملوث ملزمان کی گرفتاریوں کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جارہے ہیں۔

بقیہ 47

نوشکی میں دھماکے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ اس قسم کی بزدلانہ کارروائیاں دہشت گردی کے خلاف ہمارے عزم کو متزلزل نہیں کر سکتیں۔ اپنے بیان میں وزیراعظم نے دھماکے میں قیمتی جانوں کے نقصان پر اظہار افسوس کرتے ہوئے جاں بحق افراد کی بلندی درجات کی دعاء اور ان کے لواحقین سے اظہار تعزیت کیا۔ وزیراعظم نے دھماکے میں زخمی ہونے والوں کی جلد صحت یابی کی دعاء اور ان کو ہر ممکن طبی امداد فراہم کرنے کی ہدایت کی اور کہا کہ اس قسم کی بزدلانہ کارروائیاں دہشت گردی کے خلاف ہمارے عزم کو متزلزل نہیں کرسکتیں۔

بقیہ 48

نے کہا کہ وقت کا تقاضہ ہے کہ پی ٹی آئی کو دیوار سے لگانے کا سلسلہ ترک کیا جائے اور ملک کے حالات کے پیش نظر غیر مشروط طور پر مشاورت کا عمل شروع کیا جائے، بانی پی ٹی آئی عمران خان ملک کی سب سے بڑی سیاسی جماعت کے لیڈر ہیں اس لئے ان کے خلاف قائم جھوٹے مقدمات ختم کر کے ان سے رہنمائی لی جائے تاکہ ملک میں پائیدار استحکام آ سکے۔ انہوں نے کہا کہ سائفر کیس کے تفصیلی فیصلے کے بعد بھی جعلی حکمران اگر شرمندہ نہیں ہوتے تو پھر کچھ نہیں کہا جاسکتا۔

بقیہ 49

کارروائیوں کے باعث چینی کی قیمتوں میں کمی آنا شروع ہوگئی ہے۔ مارکیٹ ذرائع کے مطابق چینی کی قیمت کم ہوکر 165 سے 170 روپے کلو کے درمیان آگئی ہے۔ مارکیٹ ذرائع کے مطابق گزشتہ ہفتے چینی 180 روپے فی کلو فروخت ہوئی۔ ذرائع کے مطابق کارروائیاں چینی کے جعلی خریداروں، بینک اکاؤنٹس اور فروخت ریکارڈ حاصل کرکے کی گئیں۔ ذرائع کے مطابق پنجاب شوگر ملز ایسوسی ایشن کی طرف سے قیمتیں کم کرنے کی تحریری یقین دہانی کروائی گئی۔ ذرائع کے مطابق وزیراعظم شہباز شریف چینی سٹہ مافیا اور ذخیرہ اندوزوں کیخلاف کارروائیوں کی نگرانی خود کرتے رہے، انہوں نے چینی کے معاملے پر متعدد اجلاسوں کی صدارت بھی کی۔

جنگل میں شکار کیلئے جانے والے شخص کے اندھے قتل کا سراغ لگالیا، ملزم گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) کہوٹہ پولیس نے جنگل میں شکار کیلئے جانے والے شخص کے اندھے قتل کا سراغ لگا کر ملزم کو گرفتار کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق کہوٹہ پولیس نے بہترین تفتیش کرتے ہوئے جنگل میں شکار کے لیے جانے والے شخص کے اندھے قتل کا سراغ لگالیا، مقتول جنگل میں شکار کے دوران اچانک گولی لگنے سے جاں بحق ہوگیا تھا، کہوٹہ پولیس نے بہترین تفتیش کرتے ہوئے ملزم کو ٹریس کر کے گرفتار کرلیا، گرفتار ملزم کی شناخت ثاقب کے نام سے ہوئی ہے۔ ایس پی صدر محمد نبیل کھوکھر نے کہا کہ ملزم کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان عدالت کیا جائے گا، قتل جیسے سنگین مقدمات میں ملوث ملزمان کی گرفتاریوں کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جارہے ہیں۔

رنگ روڈ پر موٹر سائیکل چلانے پر شہری کیخلاف مقدمہ درج

لاہور (این این آئی) رنگ روڈ پر موٹر سائیکل چلانے پر مقدمہ درج کر لیا گیا۔ پولیس کے مطابق سندر میں رنگ روڈ پر موٹر سائیکل چلانے پر شہری کے خلاف مقدمہ درج کیا گیا، پٹرولنگ آفیسر شبیر خان کی مدعیت میں شہری محمد علی کے خلاف مقدمہ درج کیا گیا۔ موٹر سائیکل سوار شہری کو گرفتار کر کے موٹر سائیکل قبضہ میں لے لی گئی۔

وزیراعظم کی رکن اسمبلی جام مہتاب ڈہر کے قافلے پر فائرنگ کی مذمت

لاہور (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے رکن صوبائی اسمبلی جام مہتاب ڈہر کے قافلے پر فائرنگ کی مذمت کرتے ہوئے واقعے میں گارڈ کے جاں بحق ہونے پر افسوس کا اظہار کیا ہے۔ وزیراعظم نے واقعے میں زخمی ہونے والوں کی جلد صحتیابی کیلئے دعا بھی کی۔

سانحہ جعفر ایکسپریس میں شہید فوجی جوان مرزا جواد کی قبر پر حاضری دی

فیصل آباد (سردار انعام سے) وزیر مملکت بلال اظہر کیانی نے سانحہ جعفر ایکسپریس میں شہید فوجی جوان مرزا جواد کی قبر پر حاضری دی۔ اتوار کو بلال اظہر کیانی نے اہل علاقہ کے ہمراہ شہید کی قبر پر پھول چڑھائے اور فاتحہ خوانی کی۔ وزیر مملکت برائے ریلوے بلال اظہر کیانی نے شہید مرزا جواد کے اہل خانہ سے اظہار تعزیت کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ فوجی جوان مرزا جواد سانحہ جعفر ایکسپریس میں امن دشمنوں کی بزدلانہ کارروائی کی وجہ سے شہید ہوا۔ بلال اظہر کیانی نے کہا کہ شہید مرزا جواد کے اہل خانہ کے حوصلے بلند ہیں، سانحہ جعفر ایکسپریس میں شہید ہونے والے فوجی اور سویلینز کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں۔ بلال اظہر کیانی نے کہا کہ پاکستان ریلویز کے بھی دو ملازم اس واقعے میں شہید ہوئے، ریلوے پولیس کے کانسٹیبل شمروز خان اور کیرج شاپ کے ملازم ممتاز شہید ہوئے۔ انہوں نے کہا کہ سکیورٹی فورسز کے جوانوں نے 33 دہشتگردوں کو جہنم واصل کیا۔ انہوں نے کہا کہ پوری قوم دہشتگردی کے خاتمے کے لئے قانون نافذ کرنے والے اداروں کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ انہوں نے کہا کہ امن برقرار رکھنے کی خاطر دہشتگردوں کو معاونت فراہم کرنے والوں کے خلاف اقدامات کو مزید موثر بنائیں گے۔ بلال اظہر کیانی نے کہا کہ سرحد پار سے دوران کارروائی دہشتگردوں کی معاونت کی گئی جو کہ سکیورٹی اداروں نے ٹریک کرلی۔ انہوں نے کہا کہ دہشتگرد تنظیم بی ایل اے کو سوشل میڈیا پر معاونت فراہم کرنے سے سرحد پار قوتوں کھل کر سامنے آگئیں۔ انہوں نے کہا کہ سوشل میڈیا پر سکیورٹی فورسز اور ریاست کے خلاف پروپیگنڈا پھیلانے والے عناصر کسی رعایت کے مستحق نہیں۔

اسلام آباد جرائم میں ملوث اشتہاریوں کی گرفتاری کیلئے مہم جاری

دو ہفتوں کے دوران 38 اشتہاریوں سمیت منشیات فروشی، غیر قانونی اسلحہ رکھنے میں ملوث 174 ملزمان گرفتار

قبضے سے 20 کلوگرام ہیروئن، 11 کلوگرام چرس، 2 کلوگرام آئس، 165 لیٹر شراب، 69 مختلف بور کے پستول برآمد

20 کلوگرام سے زائد ہیروئن، 11 کلوگرام چرس، 2 کلوگرام سے زائد آئس، 165 لیٹر شراب، 69 مختلف بور کے پستول، 06 جدید خودکار بندوقیں اور 268 روند برآمد کر لئے گئے

کزشتہ دو ہفتوں کے دوران 38 مفرور اشتہاری سمیت منشیات فروشی، غیر قانونی اسلحہ رکھنے میں ملوث 174 ملزمان گرفتار کر کے قبضے سے اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد پولیس نے کزشتہ دو ہفتوں کے دوران 38 مفرور اشتہاریوں سمیت منشیات فروشی، غیر قانونی اسلحہ رکھنے میں ملوث 174 ملزمان گرفتار کر کے قبضے سے 20 کلوگرام ہیروئن، 11 کلوگرام چرس، 2 کلوگرام آئس، 165 لیٹر شراب، 69 مختلف بور کے پستول، 06 جدید خودکار بندوقیں اور 268 روند برآمد کر لئے گئے ہیں۔ ڈی آئی جی اسلام آباد پولیس کے مطابق اسلام آباد میں غیر مفروض کے خصوصی احکامات پر اسلام آباد پولیس کی غیر قانونی اسلحہ، منشیات فروشی اور مجرمان (بقیہ نمبر 2)

سرگودھا، اٹھوا ہونے والے صنعتکار صادق آباد سے بازیاب

سرگودھا (این این آئی) سرگودھا سے اٹھوا ہونے والے صنعتکار کو صادق آباد کے علاقہ سے بازیاب کر کے پولیس نے چار اغوا کاروں کو گرفتار کر لیا۔ ذرائع کے مطابق سرگودھا سے اغوا ہونے صنعتکار افتخار حنیف کو اغوا کر لیا اور فرار ہو گئے جس کی اطلاع پر صوبہ بھر کی پولیس کو وارنٹ کر کے ناکہ بندی کر لی گئی (بقیہ نمبر 2)

بوتل بند پانی فروخت کرنے والے 8 برانڈز کے پلانٹس سیل

لاہور (این این آئی) پنجاب فوڈ اتھارٹی نے انسانی صحت کے لیے معیر کیمیکلز اور بیکٹیریا سے آلودہ ہونے پر بوتل بند پانی فروخت کرنے والے 8 برانڈز کے پلانٹس کو سیل کر دیا۔ یہ کریک ڈاؤن پاکستان کونسل آف ریسرچ ان واٹر اینڈ سوئر کی جانب سے پکڑے جانے والے پانی کے نمونوں کے ٹیسٹ کے تناظر میں سامنے آیا ہے۔ پاکستان سٹینڈرڈز اینڈ کوالٹی کنٹرول اتھارٹی کے مقرر کردہ معیار کے مقابلے میں ان برانڈز کے پانی (بقیہ نمبر 4)

معطل ہونے والی ٹرینیں اگلے ہفتے کے آخر تک بحال ہونے کا امکان

لاہور (این این آئی) پاکستان ریلوے کے سینئر حکام کے مطابق جعفر ایکسپریس پر حملے کے بعد معطل ہونے والی بلوچستان سے آنے اور جانے والی ٹرینیں، اگلے ہفتے کے آخر تک بحال ہونے کا امکان ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق پاکستان ریلوے کے انجینئرز کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ اگلے 3 روز میں ٹریک کی مرمت اور بحالی کا کام مکمل کریں، کوئٹہ میں (بقیہ نمبر 5)

پاکستانیوں کے امریکی سفر پر پابندی کا امکان نہیں، حسین حقانی

پابندیاں لگنے کی صورت میں امریکیوں پر حوالی پابندیاں عائد کی جائیں، مشاہد حسین

واشنگٹن (این این آئی) امریکا میں پاکستان کے سابق سفیر حسین حقانی کا کہنا ہے کہ لگتا ہے پاکستانیوں کے امریکی سفر پر مکمل پابندی کا امکان ٹل گیا ہاب صرف ویزے کے اجرا کو محدود (بقیہ نمبر 2)

لاہور: رمضان المبارک کی وجہ سے تحصیل کے باوجود بارانی جنات حسان پڑا ہے

شکرگڑھ، خانہ بدوش خیمہ بستی میں دیوار گرگئی، 2 بچیاں بچ

ایک بچے نے دیوار پر پڑے کپڑے کو کھینچا تو دیوار بچوں پر آگری، پولیس

شکرگڑھ (این این آئی) شکرگڑھ کے علاقے فورٹ میں خانہ بدوش خیمہ بستی میں دیوار گر گئی۔ پولیس کے مطابق حادثے میں ملبے تلے دب کر 2 بچے جاں بحق ہو گئے۔ پولیس کا کہنا ہے کہ ایک بچے نے دیوار پر پڑے کپڑے کو کھینچا تو دیوار بچوں پر آگری۔

پٹرول اور ڈیزل پر لیوی میں 10،10 روپے فی لیٹر اضافہ

پٹرولیم لیوی بڑھانے سے اضافی رقم بجلی کے بلوں میں ریلیف پر خرچ ہوگی

اسلام آباد (این این آئی) حکومت نے پٹرول اور ڈیزل پر لیوی میں 10، 10 روپے فی لیٹر کا اضافہ کر دیا۔ پٹرول اور ڈیزل پر لیوی 60 سے بڑھا کر 70 روپے فی لیٹر کر دی گئی۔ تاہم پٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں آئندہ 15 روز کے لیے موجودہ سطح پر برقرار رہیں گی۔ اس حوالے سے وزارت خزانہ نے نوٹیفکیشن جاری کر دیا۔ احمد میڈیا رپورٹ کے مطابق اوگرا کی ڈیمانڈ میں تقریباً یہ کہا گیا ہے کہ وفاقی حکومت کی جانب سے پٹرولیم (بقیہ نمبر 6)

وفاقی وزیر اطلاعات محترمہ عظمیٰ بخاری رمضان کی عبادت کے موقع پر ایم ایس ڈاکٹر نثار کے ہمراہ میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں۔

طورخم سرحد دوطرفہ تجارت کیلئے بند، 66 ملین ڈالر کا نقصان

پاک افغان جرگہ کی دوسری نشست آئندہ 2 روز میں ہونے کا امکان ہے، میڈیا رپورٹ

افغانستان سے یومیہ اوسطاً 1.6 ملین ڈالر کی امپورٹ جبکہ 1.4 ملین ڈالرز کی ایکسپورٹ کی جاتی ہے

لاہور (این این آئی) پاک افغان کشیدگی کے باعث طورخم سرحد دوطرفہ تجارت کے لئے بند ہونے سے دونوں ملکوں کو بھاری طور پر 66 ملین ڈالر کا نقصان ہو چکا ہے۔ پاک افغان کشیدگی کے باعث طورخم سرحد کی گزرگاہ اتوار کو 23 ویں روز بھی بند رہی۔ میڈیا رپورٹ میں جرگہ ذرائع کے حوالے سے کہا گیا ہے کہ پاک افغان جرگہ کی دوسری نشست آئندہ 2 روز میں ہونے کا امکان ہے، پاک (بقیہ نمبر 7)

حویلی آزاد کشمیر، کوسٹر کھائی میں جا گری، 5 افراد جاں بحق، 3 زخمی

حادثے کا شکار ہونے والی گاڑی کو بورڈ فارورڈ سے راولپنڈی جا رہی تھی

حویلی (این این آئی) آزاد کشمیر کے ضلع حویلی میں کوسٹر کھائی میں گر گئے جس کے 5 افراد جاں بحق اور 3 زخمی ہو گئے۔ پولیس کنٹرول روم کے مطابق حویلی میں کوسٹر کے کھائی میں گرنے کا واقعہ تھیسن ڈی کے نیچے پیش آیا، ڈرائیور گاڑی پر قابو نہ رکھ سکا اور گاڑی کھائی میں جا گری۔ پولیس کنٹرول روم کا بتانا ہے کہ حادثے کے زخمیوں کو اسپتال منتقل کرنے کے لیے مقامی افراد اور امدادی ٹیمیں جائے حادثہ پر موجود ہیں۔ ریسکیو ذرائع کے مطابق (بقیہ نمبر 8)

عید کے بعد تحریک چلانے کا فیصلہ کریں گے، مولانا فضل الرحمان

موجودہ سیاسی صورتحال میں نواز شریف اہم کردار ادا کر سکتے ہیں، سربراہ پی یو آئی

اسلام آباد (این این آئی) سربراہ پی یو آئی (ف) مولانا فضل الرحمان نے کہا ہے کہ موجودہ سیاسی صورتحال میں نواز شریف اہم کردار ادا کر سکتے ہیں۔ پی یو آئی کی اصل قیادت جیل میں ہے، اور باہر جو ہیں ان میں کوئی کا فقدان ہے، میرے خلاف اگر کوئی بیان دیا ہے تو پی یو آئی کو تولیں لینا چاہیے۔ پی یو آئی کے سربراہ مولانا فضل الرحمٰن نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ہم پی یو آئی نے حکومت کے خلاف تحریک چلانے کے (بقیہ نمبر 9)

وزیر اطلاعات کے اے پی این ایس کے نومنتخب عہدیداروں کو مبارکباد

اے پی این ایس کی پرنٹ میڈیا انڈسٹری میں صحافت کی ایک شاندار تاریخ ہے، وزیر اطلاعات

لاہور (این این آئی) وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے اے پی این ایس کے نومنتخب عہدیداروں کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا ہے کہ اے پی این ایس کی پرنٹ میڈیا انڈسٹری میں صحافت کی ایک شاندار تاریخ ہے۔ اپنے تہنیتی پیغام میں عظمیٰ بخاری نے سربراہ کو صدر اے پی این ایس، نائب آفریں سیکل کونسٹر نائب صدر اور اے پی این ایس کی پرنٹ میڈیا انڈسٹری میں

فوری ضرورت

Daily Awami Lalkaar

عوامی للکار

کو ملک بھر کے چھوٹے بڑے شہروں سے

نمائندگان و بیورو چیف درکار ہیں

خواہشمند امیدوار رابطہ کریں۔

0312-7786354

www.awamilalkaar.com

وزیراعظم شہباز شریف انسانی سمگلنگ میں ملوث ہونے پر ایف آئی اے کو آڑے ہاتھوں لے رہے ہیں

نوشکی دالبندین شاہراہ پر بس کے قریب دھماکا، 3 افراد جاں بحق

6 زخمی، رہٹیوں کو نوشکی اسپتال منتقل کر دیا گیا ہے، ایمرجنسی نافذ کر دی گئی

نوشکی (این این آئی) نوشکی دالبندین شاہراہ پر بس کے قریب دھماکے کے نتیجے میں 3 افراد جاں بحق اور 6 زخمی ہو گئے۔ پولیس کے مطابق گل خان ٹھیر پنجگ اسپتال میں ایمرجنسی نافذ کر دی گئی ہے۔ دھماکے کی آواز دور علاقوں میں بھی سنی گئی، سکیورٹی اہلکاروں نے موقع پر پہنچ کر تفتیش شروع کر دی ہے۔

کندھ کوٹ: بھتہ نہ دینے پر فائرنگ، مزدور قتل

ڈاکو بے خوف، قانون نافذ کرنے والے ادارے خاموش

رپورٹ کندھ کوٹ (علی نواز شیخ) کندھ کوٹ میں بدامنی کے بادل مزید گہرے ہوتے جا رہے ہیں۔ بھتہ خوری اور جرائم کی بڑھتی ہوئی وارداتوں نے شہریوں کو عدم تحفظ کا شکار کر دیا۔ فلاٹ منڈی میں بھتہ نہ دینے پر نامعلوم مسلح افراد نے فائرنگ کر کے مزدور آم شیخ کو قتل کر دیا، جبکہ حملہ آور بلا خوف و خطر فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے۔ ذرائع کے مطابق فلاٹ منڈی میں نامعلوم مسلح ڈاکوؤں نے مقامی دکانداروں سے بھتہ طلب کیا۔ جب دکانداروں (بقیہ نمبر 2)

بھتہ نہ دینے پر ڈاکوؤں کے ہاتھوں قتل ہونے والا مزدور کی نعش اسپتال میں پڑی ہے

مولانا فضل الرحمان پرانے ساتھی ہیں ان کو منالیں گے

بزدلانہ وسفاکانہ دہشتگردی کے خاتمہ کے لیے عوام متحد ہے

بلوچستان میں دہشتگردی کے پیچھے وہ دشمن ہے جس کی نظریں ہی ایک مصنوعے اور معدنیاتی وسائل پر ہیں

پاکستان کو کسی سیاسی گریڈ اپلائنس کی نہیں گریڈ معاشی اپلائنس کی ضرورت ہے، احسن اقبال

بلوچستان میں دہشتگردی کے پیچھے وہ دشمن ہے جس کی نظریں ہی ایک مصنوعے اور معدنیاتی وسائل پر ہیں، بزدلانہ وسفاکانہ دہشتگردی کے خاتمہ کے لیے عوام متحد ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جعفر ایکسپریس سانحہ میں شہید ہونے والے پاسداروں کے پسماندگان سے ملاقات کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے مولانا فضل الرحمان پرانے ساتھی ہیں ان کو منالیں گے، بلوچستان میں دہشتگردی کے پیچھے (بقیہ نمبر 3)

IBA پاس 319 میوزک ٹیچرز کو جوائنگ نہ مل سکی

دو سال سے انتظار میں امیدوار سراپا احتجاج، مطالبہ منظور کئے جائیں

شمود (سید رشید احمد شاہ) کندھ کوٹ: IBA ٹیسٹ پاس کرنے والے 319 میوزک ٹیچرز دو سال سے جوائنگ کے انتظار میں ہیں۔ وزیر تعلیم سردار شاہی کی جانب سے آفر آرڈر دینے کے باوجود انہیں تاحال تعینات نہیں کیا گیا، جس کے باعث امیدوار شدید پریشانی کا شکار ہیں۔ میوزک ٹیچر ذوالفقار علی، اربیلا جوراد، حبیب اللہ ملک، سید حنیف شاہ، آزاد ملک اور دیگر نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا: ہم نے میرٹ پر IBA (بقیہ نمبر 4)

آے ایاے پاس میوزک ٹیچرز پریس کلب کے سامنے احتجاج کر رہے ہیں

کشمور میں زچگی اور بچوں کی صحت کا منصوبہ شروع

مقصد حاملہ اور دودھ پلانے والی خواتین اور بچوں کی غذائیت کو بہتر بنانا ہے

شمود (سید رشید احمد شاہ) انڈس انوائرنمنٹ ڈیولپمنٹ آرگنائزیشن (IEDO) نے انٹرنیشنل ریسکیو کمیٹی (IRC) کے تعاون اور یورپی یونین (EU) کی مالی معاونت سے سوئی خواتین (PLWs) اور (بقیہ نمبر 35)

بچوں کے صحت کا مرکز کندھ کوٹ میں شروع ہو گیا

ان لیگ اور پیپلز پارٹی کے درمیان سیاسی نورا کشتی پر اتفاق ہے

الیکشن کمیشن میں مستقل تقرری نہ ہونے سے سکوتی بدنیتی واضح ہو گئی، لیاقت بلوچ

لاہور (این این آئی) نائب امیر جماعت اسلامی پاکستان لیاقت بلوچ کا کہنا ہے کہ مسلم لیگ ن اور پیپلز پارٹی کے درمیان سیاسی نورا کشتی پر اتفاق ہے۔ لیاقت بلوچ نے اپنے بیان میں کہا کہ الیکشن کمیشن میں مستقل تقرری نہ ہونے سے سکوتی بدنیتی واضح ہو گئی۔ انہوں نے کہا کہ حکومت عوام کو بجلی، گیس اور کیس پر کوئی ریلیف دینے کو تیار نہیں۔ نائب امیر جماعت اسلامی نے کہا کہ پیٹرول فی لیٹر میں 10 روپے اضافے سے صارفین کو ریلیف سے محروم کر دیا گیا۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ بلوچستان کے عوام کو قربین سفر سے محروم (بقیہ نمبر 6)

دہشت گردی کو ختم ہونا ہوگا تاکہ ریاست آگے بڑھ سکے، رؤف حسن

ملک سخت دہشت گردی کی زد میں ہے قومی اتفاق رائے سے کوئی اختلاف نہیں کر سکتا

اسلام آباد (این این آئی) برنما تحریک انصاف رؤف حسن کا کہنا ہے کہ اس قدم کے حالات میں جب کہ ملک سخت دہشت گردی کی زد میں ہے قومی اتفاق رائے سے کوئی اختلاف نہیں کر سکتا، ریاست اور دہشت گردی اکٹھے نہیں چل سکتے، دہشتگردی کو ختم ہونا ہوگا تاکہ ریاست آگے بڑھ سکے۔ نجی ٹی وی پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے انھوں نے کہا کہ ہم پاکستان کی سب سے بڑی اور سب سے متحمل جماعت ہونے کے ناطے ہم اپنی ذمے (بقیہ نمبر 7)

ایڈیٹر انچیف۔۔محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل اللہ دین فون ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔0309-7900035

خیبر پختونخوا میں 3 پولیس اہلکار اور سکیورٹی گارڈ شہید

فائرنگ کے واقعات

دہشت گردوں نے بھاری توپ خانے سے حملہ کیا، کرک پولیس نے تینوں حملوں کو ناکام بنا دیا، ڈی پی او

حملہ آور کالعدم غیر جرار علاقے میں دہشت گردی کی کارروائیوں میں ملوث ہونے کے الزام میں پولیس کو مطلوب تھا

کرک اشاد (این این آئی) خیبر پختونخوا کے اضلاع کرک اور پشاور میں رات گئے کئے گئے مختلف حملوں میں دو پولیس اہلکار اور ایک سکیورٹی گارڈ شہید ہو گئے۔ کرک میں ایک کانسٹیبل کی شہادت ہوا، ڈی پی او شاہزاد اعلیٰ کے مطابق دہشت گردوں نے رات کے 2 تھانوں اور سوئی گیس تنصیبات کے مطابق اسکیور جنرل آف پولیس اسلام آباد میں غیر مفروض کے خصوصی احکامات پر اسلام آباد پولیس کی غیر قانونی اسلحہ، منشیات فروشی اور مجرمان (بقیہ نمبر 2)

ڈپٹی کمشنر بلال یاسین سے ڈائریکٹر جنرل پنجاب ہاؤسنگ اینڈ ٹاؤن پلاننگ ایجنسی سکندر وٹیان ملاقات کر رہے ہیں۔

گرفتاری کے ڈر سے چھلانگ لگانے والی منشیات فروش خاتون جاں بحق

متوفی خاتون نشے کی عادی اور منشیات فروش بھی تھی۔، پولیس کے مطابق

کراچی (این این آئی) کراچی میں منشیات فروش اور منشیات کی عادی سیدہ نسرین نے چھاپے کے دوران گرفتاری کے ڈر سے چوتھے فلور سے چھلانگ لگا دی۔ پولیس کے مطابق ڈپٹی کمشنر 6 شہیان اسلم کرمل میں گرفتاری کے ڈر سے رہائشی عمارت کے چوتھے فلور سے خاتون چھلانگ لگا کر زخمی ہو گئی جو کہ جاں بحق اسپتال میں دوران علاج دم توڑ (بقیہ نمبر 4)

جعفر ایکسپریس پر حملے کے بعد کوئٹہ، چمن ٹرین سروس بحال

کوئٹہ سے اندرون ملک ٹرین سروس پانچویں روز بھی معطل رہی

اسلام آباد (این این آئی) جعفر ایکسپریس حملے کے بعد کوئٹہ سے چمن کیلئے منیجر ٹرین سروس بحال ہو گئی تاہم کوئٹہ سے اندرون ملک ٹرین سروس پانچویں روز بھی معطل رہی۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق کوئٹہ سے مسافر ٹرین کو چمن روانہ کیا گیا، کوئٹہ سے پشاور اور کوئٹہ سے کراچی جانے والی جعفر ایکسپریس اور بولان میل کی سروس تاحال معطل رہی۔ (بقیہ نمبر 2)

عمران خان کی 9 مئی کے 8 مقدمات

میں ضمانت کی درخواستوں پر کل ہوگی

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ میں بانی پی ٹی آئی عمران خان کی 9 مئی کے 8 مقدمات میں ضمانت کی درخواستوں پر سماعت کل (منگل) کو ہوگی۔ لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس سید شہباز رضوی اور جسٹس طارق جسم شیخ عمران خان کی ضمانت کی درخواستوں پر سماعت کریں گے۔ بانی پی ٹی آئی عمران خان نے اپنے وکیل سلمان صفدر کی معاشت سے درخواست دائر کی جس میں موقف اپنایا گیا ہے کہ سیاسی انتقام کے لیے سازش کا الزام کا (بقیہ نمبر 9)

راولپنڈی ایکسپریس میں 3 سنگل

11 ڈویژن پنجر ساعت کریں گے

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ میں روالپنڈی ایکسپریس کے تحت 31 سنگل، 11 ڈویژن پنجر ساعت کریں گے۔ سنگل پنج حکم امتناعی، خلاف، ادراج مقدمہ سمیت کمسر جنگہ ڈویژن پنج سول اور فوجداری اپیلوں پر سماعت کریں گے۔ چیف جسٹس عالیہ نیلم اور جسٹس عبدالکی خان پر مشتمل پنج ہر ہم کے کیسوں پر سماعت کرے گا، جسٹس عابد عزیز اور جسٹس رسال حسن سید پر مشتمل پنج کیس اپیلوں جسٹس عمر (بقیہ نمبر 1)

راولپنڈی ایکسپریس سے سبز انقلاب کی نوید سنائی

پنجاب اسمبلی میں محفوظ شہید نہر کی تعمیر

کچھ لوگ غلط معلومات پھیلا رہے ہیں، یہ نہر دریائے ستج سے نکل رہی ہے، بھارت کی آبی جارحیت روکنے میں مدد ملے گی

یہ اقدام گرین پاکستان انشیٹیو کے تحت بنجر زمینوں کو قابل کاشت بنانے کیلئے اٹھایا گیا، واصف مظہر راں، کامران عبداللہ مزل

کراچی، عیدتیاریوں کے سلسلے میں خواتین چوڑی خریدتی ہیں

لاہور (این این آئی) رکن پنجاب اسمبلی محفظ شہید نہر کی تعمیر کا ذکر کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ اقدام گرین پاکستان انشیٹیو کے تحت بنجر زمینوں کو قابل کاشت بنانے کیلئے اٹھایا گیا ہے۔ جنوبی پنجاب کے عوامی نمائندوں نے محفوظ شہید کینال کی تعمیر کو وقت کی ضرورت قرار دیا ہے۔ رکن صوبائی اسمبلی پنجاب واصف مظہر راں نے کہا کہ کچھ لوگ نہر کے بارے میں غلط معلومات پھیلا رہے ہیں، یہ نہر دریائے ستج سے نکل رہی ہے، اس نہر کی (بقیہ نمبر 4)

حکومت کی چینی سٹہ مافیا و ذخیرہ اندوزوں کیخلاف کارروائیاں، قیمتوں میں کمی آنا شروع

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی حکومت نے چینی سٹہ مافیا اور ذخیرہ اندوزوں کے خلاف اقدامات کیے ہیں، جس کے باعث چینی کی قیمتوں میں کمی آنا شروع ہو گئی ہے۔ ذرائع کے مطابق ایف آئی اے، آئی پی اور ایف پی اے کی جانب سے چینی سٹہ مافیا اور ذخیرہ اندوزوں کے خلاف کارروائیاں کی گئی ہیں۔ ذرائع کے مطابق ملک بھر میں (بقیہ نمبر 9)

جنگل میں شکار کیلئے جانیوالے شخص کے اندھے قتل کا سراغ لگا لیا گیا

راولپنڈی (این این آئی) کہوٹہ پولیس کی کارروائی کرتے ہوئے جنگل میں شکار کے لیے جانے والے شخص کے اندھے قتل کا سراغ لگا لیا۔ مقتول جنگل میں شکار کے دوران اچانک گولی لگنے سے جاں بحق ہو گیا تھا تاہم کہوٹہ پولیس نے تفتیش کرتے ہوئے ملزم کو پولیس کے گرفتار کر لیا۔ گرفتار ملزم کی شناخت قاتب کے نام سے ہوئی جو ملزم مقتول کا عزیز فلاں ملزمن ہے باقی کی تفتیش کی جا رہی ہے۔ ایس ایچ او سدر تھانہ کہوٹہ کرنل ریس بی صدر کے (بقیہ نمبر 6)

ریسکیو اہلکار کہوٹہ میں دیوار گرنے کے بعد امدادی کیمرے میں مصروف ہیں، ملبے کے نیچے بچی جاں بحق ہوئے

پسند کی شادی سے انکار پر لڑکے نے 19 سالہ لڑکی کو قتل کر دیا

ملزم عمران لڑکی سے پسند کی شادی کرنا چاہتا تھا، لڑکی اور اس کی والدہ نے انکار کر دیا

سانبوال (این این آئی) محلہ نور پارک میں پسند کی شادی سے انکار پر لڑکے نے 19 سالہ لڑکی کو گولی مار کر قتل کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق موقع سے فرار ہو گیا، پولیس فلاٹ منڈی نے مقدمہ ملزم عمران کے خلاف مقدمہ درج کر کے ملزم کی تلاش شروع کر دی، لاش کو پوسٹ مارٹم کے لیے ڈیڈ ہاؤس منتقل کر دیا۔ ایف آئی آر کے مطابق 19 سالہ علیشبا اپنے کزن کے گھر کسی پر چھٹی خاتی کو گھر کے باہر عمران نامی لڑکے نے گولی مار دی، لڑکی کو (بقیہ نمبر 5)

نوشکی دالبندین شاہراہ پر بس کے قریب دھماکا، 7 افراد جاں بحق

نوشکی دالبندین شاہراہ دھماکے میں زخمی ہونے والے متعدد افراد کی حالت تشویشناک ہے، رپورٹ

اس قسم کی بزدلانہ کارروائیاں دہشت گردی کے خلاف ہمارے عزم کو متزلزل نہیں کر سکتیں، شہباز شریف

پاکستان کو صرف عمران خان ہی مسائل کی دلدل سے باہر نکال سکتے ہیں

وقت کا تقاضہ ہے پی ٹی آئی کو دیوار سے لگانے کا سلسلہ ترک کیا جائے، سمت جیم

نوشکی (این این آئی) بلوچستان میں نوشکی دالبندین شاہراہ پر بس کے قریب دھماکے سے 7 افراد جاں بحق اور متعدد زخمی ہو گئے۔ پولیس کے مطابق نوشکی دالبندین شاہراہ پر بس کے قریب دھماکا ہوا جس میں 7 افراد جاں بحق اور 33 افراد زخمی ہو گئے جنہیں طبی امداد کیلئے نوشکی اسپتال منتقل کر دیا گیا۔ پولیس کے مطابق نوشکی دھماکے کے 2 زخمی دوران علاج دم توڑ گئے جس کے بعد جاں بحق افراد کی تعداد 7 ہو گئی جبکہ زخمیوں میں متعدد افراد کی حالت تشویشناک ہے۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف نے (بقیہ نمبر 7)

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے سینئر رہنما سمت جمشید چیمہ نے کہا ہے کہ موجودہ حالات میں ملک کو اتحاد اور یکجہتی کی اشد ضرورت ہے لیکن سحر ان ٹولے کو اس کی رتی برابر بھی پرواہ نہیں، پاکستان کو صرف بانی پی ٹی آئی عمران خان ہی مسائل کی دلدل سے باہر نکال سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے اور حالات قوم کے سامنے ہیں۔ انہوں (بقیہ نمبر 8)

چیمہ نے کہا کہ جعلی سحر ان ملک کو مشکل حالات سے باہر نکالنے کیلئے غیر معمولی فیصلوں کا مینڈیٹ نہیں رکھتے اسی وجہ سے حالات ابتر صورتحال اختیار کر چکے ہیں۔ ایک وزارت کو چار سے پانچ لوگ دیکھ رہے ہیں جس کی وجہ سے بائیدار فیصلے نہیں ہو پا رہے اور حالات قوم کے سامنے ہیں۔ انہوں (بقیہ نمبر 8)

مارکیٹ سے شرطیہ انتہائی کم ترین ریٹ پر

صرف 5000/- روپے میں

اپنے کاروبار کے لئے ویب سائٹ ہم سے بنوائیں۔

وہ بھی ڈومین اینڈ ہوسٹنگ کے ساتھ

Free.com domain
Features:
Free SSL Certificate
1 Click WordPress installer
Unlimited Space
Unlimited Bandwidth
Unlimited Email Accounts
Unlimited MySQL data bases
Unlimited Subdomains
Latest Version of PHP, MYSQL and cPanel
24/7/365 Support
100% Up time Guarantee
Free/Instant Setup

News Website
Business Website
School Website
TV Channel Website

سی پینل اور ورڈ پریس دونوں اکاؤنٹ دیے جائے گے

ویب سائٹ میں ڈیٹا ڈالنے کا مکمل طریقہ بھی ساتھ سکھایا جائے گا

یہ آفر محدود مدت کے لیے ہے

E-Commerce Website Price: 6000/-

Call / Whatsapp 0309-7900035